عَلِيمٞ ٣٥	فِي	بُيُوتٍ	أَذِنَ	ٱللَّهُ
خوب جاننے والا ہے	گھروں میں		حکم دیا	اللہ نے
علم رکھنے والا ہے۔ (اس کے نور کی طرف ہدایت پانے والے) ان گھروں میں (پائے جاتے ہیں)				

مصدري ونصب	مضارع منصوب للمجهول «هي»	عطف - مضارع منصوب للمجهول	جار - مجرور
	ر ف ع - رَفَعَ - يَرْفَعُ - رَفْعًا	ذ ك ر - ذَكَرَ - يَذْكُرُ - ذِكْرًا	
أَن	تُرۡفَعَ	وَيُذۡكَرَ	فِيهَا
کہ	بلند کیا جائے	اور ذکر کیا جائے	ان میں
جن کے متعلق اللہ نے حکم دیا ہے کہ ان کو بلند کیا جائے اور ان میں اس کا نام لیا جائے			

نائب فاعل - مضاف - مضاف إليه	مضارع مرفوع	جار - مجرور	جار - مجرور	جار - مجرور
س م و - سَمَا - يَسْمُو - سُمُوًّا	س ب ح - سَبَّحَ - يُسَبِّحُ - تَسْبِيحًا «تَفْعِيلٌ»			غ د و - غَدَا - يَغْدُو - غُدُوًّا
ٱسۡمُهُۥ	يُسَبِّحُ	لَهُۥ	فِيهَا	بِٱلۡغُدُوِّ
نام اس کا	وہ تسبیح کرتے ہیں	اس کی	ان میں	صبح
وہ تسبیح کرتے ہیں اللہ کی ان (مساجد) میں صبح				

عطف - معطوف على «الغدو»	فاعل «يُسَبِّحُ»	نافية	مضارع مرفوع - مفعول به
أ ص ل - أَصَلَ - يَأْصَلُ - أَصْلًا	ر ج ل - رَجِلَ - يَرْجَلُ - رَجَلًا		ل ه و - أَلْهَى - يُلْهِي - إِلْهَاءً «إِفْعَالٌ»
وَٱلۡأٓصَالِ ٣٦	رِجَالٞ	لَّا	تُلۡهِيهِمۡ
اور شام	وہ مرد	نہیں غافل کرتی انہیں	
اور شام۔ وہ جواں مرد جنہیں غافل نہیں کرتی			

فاعل۔نعت«رجال»	عطف۔نافية زائدة	معطوف على«تجارة»	جار۔مجرور۔مضاف	
ت ج ر۔ تَجَرَ۔يَتْجُرُ۔تِجَارَةً		ب ي ع۔ بَاعَ۔يَبِيعُ۔بَيْعًا		ذ ك ر۔ ذَكَرَ۔يَذْكُرُ۔ذِكْرًا
تِجَٰرَةٌ	وَلَا	بَيْعٌ	عَن	ذِكْرِ
تجارت	اور نہ	خرید و فروخت	ذکر سے	
کسی قسم کی کوئی تجارت یا خرید و فروخت اللہ کے ذکر سے				

لفظ الجلالة۔مضاف إليه	عطف۔معطوف على«ذكر»۔مضاف	مضاف إليه	عطف۔معطوف على«ذكر»۔مضاف
أ ل ه	ق و م۔أَقَامَ۔يُقِيمُ۔إِقَامَةً«إِفْعَالٌ»	ص ل و	أ ت ي۔آتَى۔يُؤْتِي۔إِيتَاءً«إِفْعَالٌ»
ٱللَّهِ	وَإِقَامِ	ٱلصَّلَوٰةِ	وَإِيتَآءِ
اللہ کے	اور قائم کرنے سے	نماز کے	اور ادا کرنے سے
نماز قائم کرنے سے اور زکوٰۃ ادا کرنے سے			

مضاف إليه	نعت ثانٍ«رجال»	مفعول به	مضارع مرفوع	جار۔مجرور
ز ك و۔زَكَى۔يَزْكُو۔زُكَاءً	خ و ف۔خَافَ۔يَخَافُ۔خَوْفًا	ي و م	ق ل ب۔تَقَلَّبَ۔يَتَقَلَّبُ۔تَقَلُّبًا«تَفَعُّلٌ»	
ٱلزَّكَوٰةِ	يَخَافُونَ	يَوْمًا	تَتَقَلَّبُ	فِيهِ
زکوٰۃ کے	وہ ڈرتے ہیں	اس دن سے	الٹ پلٹ ہو جائیں گے	جس میں
(اس سب کچھ کے باوجود بھی) وہ لرزاں و ترساں رہتے ہیں اس دن کے تصور سے				

فاعل	عطف۔معطوف على«القلوب»	تعليل وجر۔مضارع منصوب۔مفعول به أول	لفظ الجلالة۔فاعل
ق ل ب۔قَلَبَ۔يَقْلِبُ۔قَلْبًا	ب ص ر۔بَصَرَ۔يَبْصُرُ۔بَصَارَةً	ج ز ي۔جَزَى۔يَجْزِي۔جَزَاءً	أ ل ه
ٱلْقُلُوبُ	وَٱلْأَبْصَٰرُ ﴿٣٧﴾	لِيَجْزِيَهُمُ	ٱللَّهُ
دل	اور نگاہیں	تا کہ بدلہ دے انہیں	اللہ
جس دن الٹ جائیں گے دل اور نگاہیں۔ تا کہ اللہ			

مفعول به ثانٍ۔مضاف	موصول۔مضاف إليه	ماضٍ۔فاعل۔صلة الموصول	عطف۔مضارع منصوب«هو»۔مفعول به
ح س ن۔حَسُنَ۔يَحْسُنُ۔حَسَنًا		ع م ل۔عَمِلَ۔يَعْمَلُ۔عَمَلًا	ز ي د۔زَادَ۔يَزِيدُ۔زَيْدًا
أَحْسَنَ	مَا	عَمِلُوا۟	وَيَزِيدَهُم
بہترین	اس کا جو	انہوں نے عمل کیے	اور وہ زیادہ دے انہیں
انہیں بہترین جزا دے ان کے اعمال کی اور ان کو اپنے فضل سے مزید نوازے			

جار۔مجرور۔مضاف۔مضاف إليه		إستئنافية۔مبتدأ۔لفظ الجلالة	مضارع مرفوع«هو»۔خبر	موصول۔مفعول به
	ف ض ل۔فَضَلَ۔يَفْضُلُ۔فَضْلًا	أ ل ه	ر ز ق۔رَزَقَ۔يَرْزُقُ۔رِزْقًا	
مِّن	فَضْلِهِۦ ۗ	وَٱللَّهُ	يَرْزُقُ	مَن
اپنے فضل سے		اور اللہ	وہ رزق دیتا ہے	جسے
اور اللہ جس کو چاہتا ہے عطا کرتا ہے				

مضارع مرفوع (هو)۔ صلة الموصول	جار۔ مجرور (حال)۔ مضاف	مضاف إليه	استئنافية۔ مبتدأ
ش ي أ۔ شَاءَ۔ يَشَاءُ۔ مَشِيئَةً	غ ي ر۔ غَارَ۔ يَغِيرُ۔ غَيْرًا	ح س ب۔ حَاسَبَ۔ يُحَاسِبُ۔ حِسَابًا (مُفَاعَلَةٌ)	موصول
يَشَآءُ	بِغَيْرِ	حِسَابٍ ٣٨	وَٱلَّذِينَ
وہ چاہتا ہے	بغیر	حساب کے	اور وہ جنہوں نے
بغیر حساب کے۔			

ماضٍ۔ فاعل۔ صلة الموصول	مبتدأ ثانٍ۔ مضاف۔ مضاف إليه	جار۔ مجرور (خبر المبتدأ ثانٍ)	جار۔ مجرور (نعت)
ك ف ر۔ كَفَرَ۔ يَكْفُرُ۔ كُفْرًا	ع م ل۔ عَمِلَ۔ يَعْمَلُ۔ عَمَلًا	س ر ب۔ سَرِبَ۔ يَسْرَبُ۔ سَرَبًا	ق و ع۔ قَوَعَ۔ يَقُوعُ۔ قَوْعًا
كَفَرُوٓاْ	أَعْمَٰلُهُمْ	كَسَرَابٍۭ	بِقِيعَةٍ
کفر کیا	اعمال ان کے	مانند سراب کے ہیں	چٹیل میدان میں
اور جو کافر ہیں ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے سراب کسی چٹیل میدان میں			

مضارع مرفوع۔ مفعول به أول	فاعل	مفعول به ثانٍ	غاية	ظرف زمان
ح س ب۔ حَسِبَ۔ يَحْسَبُ۔ حِسْبَانًا	ظ م أ۔ ظَمِأَ۔ يَظْمَؤُ۔ ظَمَأً	م و ه۔ مَاهَ۔ يَمُوهُ۔ مَوْهًا		معنى الشرط
يَحْسَبُهُ	ٱلظَّمْـَٔانُ	مَآءً	حَتَّىٰٓ	إِذَا
سمجھتا ہے اسے	سخت پیاسا	پانی	یہاں تک کہ	جب
پیاسا اسے پانی سمجھتا ہے یہاں تک کہ وہ جب				

ماضٍ (هو)۔ مفعول به۔ مضاف۔ مضاف إليه	نفي وجزم وقلب	مضارع مجزوم (هو)۔ مفعول به أول	مفعول به ثانٍ
ج ي أ۔ جَاءَ۔ يَجِيءُ۔ مَجِيءً		و ج د۔ وَجَدَ۔ يَجِدُ۔ وِجْدَانًا	ش ي أ۔ شَاءَ۔ يَشَاءُ۔ مَشِيئَةً
جَآءَهُۥ	لَمْ	يَجِدْهُ	شَيْـًٔا
وہ آتا ہے اس کے پاس	نہیں	وہ پاتا اسے	کچھ بھی
اس کے پاس آیا تو اس نے وہاں کچھ نہ پایا			

عطف۔ ماضٍ (هو)	لفظ الجلالة۔ مفعول به	ظرف۔ مضاف إليه	عطف۔ ماضٍ (هو)۔ مفعول به أول
و ج د۔ وَجَدَ۔ يَجِدُ۔ وِجْدَانًا	أ ل ه	ع ن د	و ف ي۔ وَفَّى۔ يُوَفِّي۔ تَوْفِيَةً (تَفْعِيلٌ)
وَوَجَدَ	ٱللَّهَ	عِندَهُۥ	فَوَفَّىٰهُ
اور پاتا ہے	اللہ کو	اپنے پاس	پھر وہ پورا پورا دیتا ہے اسے
البتہ اس نے اس کے پاس اللہ کو پایا تو اس نے پورا پورا چکا دیا اسے			

مفعول به ثانٍ	اعتراضية۔ مبتدأ۔ لفظ الجلالة	خبر۔ مضاف
ح س ب۔ حَاسَبَ۔ يُحَاسِبُ۔ حِسَابًا (مُفَاعَلَةٌ)	أ ل ه	س ر ع۔ سَرِعَ۔ يَسْرَعُ۔ سَرَعًا
حِسَابَهُۥ ۗ	وَٱللَّهُ	سَرِيعُ
حساب اس کا	اور اللہ	جلد لینے والا ہے
اس کا حساب اور اللہ بہت جلد		

مضاف إليه	عطف	جار-مجرور	جار-مجرور «نعت»	
ح س ب- حَاسَبَ-يُحَاسِبُ-حِسَابًا «مُفَاعَلَةٌ»		ظ ل م- ظَلِمَ-يَظْلَمُ-ظَلَمًا		ب ح ر- بَحَرَ-يَبْحَرُ-بَحْرًا
ٱلْحِسَابِ ﴿٣٩﴾	أَوْ	كَظُلُمَٰتٍ	فِي	بَحْرٍ
حساب	یا	مانند اندھیروں کے	سمندر میں	
حساب لینے والا ہے۔ یا بہت گہرے سمندر میں اندھیروں کی مانند				

نعت «بحر»	مضارع مرفوع-مفعول به	فاعل	جار-مجرور «خبر مقدم»-مضاف-مضاف إليه	
ل ج ج- لَجَّ-يَلَجُّ-لَجَجًا	غ ش و- غَشِيَ-يَغْشَى-غَشَاوَةً	م و ج- مَاجَ-يَمُوجُ-مَوْجًا		ف و ق- فَاقَ-يَفُوقُ-فَوْقًا
لُّجِّيٍّ	يَغْشَىٰهُ	مَوْجٌ	مِّن	فَوْقِهِۦ
نہایت گہرے	ڈھانپ لیتی ہے اسے	موج	اس کے اوپر سے	
اسے ڈھانپ لیتی ہو ایک موج اس کے اوپر ہو				

مبتدأ مؤخر	جار-مجرور «خبر مقدم»-مضاف-مضاف إليه		مبتدأ مؤخر
م و ج- مَاجَ-يَمُوجُ-مَوْجًا		ف و ق- فَاقَ-يَفُوقُ-فَوْقًا	س ح ب- سَحَبَ-يَسْحَبُ-سَحْبًا
مَّوْجٌ	مِّن	فَوْقِهِۦ	سَحَابٌ ج
ایک (اور) موج	اس کے اوپر سے		بادل
ایک اور موج اس کے اوپر ہوں بادل			

خبر	مبتدأ مرفوع-مضاف-مضاف إليه	ظرف مكان	مضاف إليه	ظرف زمان
ظ ل م- ظَلِمَ-يَظْلَمُ-ظَلَمًا	ب ع ض	ف و ق- فَاقَ-يَفُوقُ-فَوْقًا	ب ع ض	معنى الشرط
ظُلُمَٰتٌۢ	بَعْضُهَا	فَوْقَ	بَعْضٍ	إِذَآ
اندھیرے ہیں	بعض ان کے	اوپر ہیں	بعض کے	جب
اندھیرے ہی اندھیرے ہیں ایک دوسرے کے اوپر				

ماضٍ «هو»-مضاف إليه	مفعول به-مضاف-مضاف إليه	نفي وجزم وقلب	مضارع ناقص «هو»
خ ر ج- أَخْرَجَ-يُخْرِجُ-إِخْرَاجًا «إِفْعَالٌ»	ي د ي- يَدَى-يَدِي-يَدْيًا		ك و د- كَادَ-يَكَادُ-كَوْدًا
أَخْرَجَ	يَدَهُۥ	لَمْ	يَكَدْ
وہ نکالے	ہاتھ اپنا	نہیں	وہ قریب کہ
جب وہ اپنا ہاتھ نکالتا ہے			

مضارع مرفوع «هو»-مفعول به	عطف-مبتدأ-اسم شرط	نفي وجزم وقلب	مضارع مجزوم-فعل الشرط
ر أ ي- رَأَى-يَرَى-رُؤْيَةً			ج ع ل- جَعَلَ-يَجْعَلُ-جَعْلًا
يَرَىٰهَا قلى	وَمَن	لَّمْ	يَجْعَلِ
وہ دیکھ سکے اسے	اور وہ جو	نہیں	بنایا
تو اسے بھی نہیں دیکھ سکتا اور جس کو اللہ نے ہی کوئی			

لفظ الجلالة۔فاعل	جار۔مجرور(خبر مقدم)	مفعول به	واقعة في جواب الشرط۔نافية	جار۔مجرور(خبر مقدم)
أ ل ه		ن و ر۔نَارَ۔يَنُورُ۔نَوْرًا		
ٱللَّهُ	لَهُۥ	نُورًا	فَمَا	لَهُۥ
اللہ نے	اس کے لیے	کوئی نور	تو نہیں	اس کے لیے
نور عطانہ کیا ہو تو اس کے لیے کہیں				

جر زائد	مبتدأ مؤخر۔جملة جواب الشرط	استفهام۔نفي وجزم وقلب	مضارع مجزوم(أنت)	توكيد ونصب
	ن و ر۔نَارَ۔يَنُورُ۔نَوْرًا		رأي۔رَأَى۔يَرَى۔رُؤْيَةً	
مِن	نُّورٍ ۝٤٠	أَلَمْ	تَرَ	أَنَّ
کوئی نور		کیا نہیں	آپ نے دیکھا	کہ بے شک
کوئی نور نہیں ہے۔ کیا تم دیکھتے نہیں ہو				

اسم(أَنَّ)۔لفظ الجلالة	مضارع مرفوع	جار۔مجرور	موصول۔فاعل	جار۔
أ ل ه	س ب ح۔سَبَّحَ۔يُسَبِّحُ۔تَسْبِيحًا(تَفْعِيلٌ)			
ٱللَّهَ	يُسَبِّحُ	لَهُۥ	مَن	فِي
اللہ	تسبیح کرتا ہے	اس کے لیے	جو کوئی	
کہ اللہ کی تسبیح کرتے ہیں جو کوئی				

۔مجرور(صلة الموصول)	عطف۔معطوف على(السموات)	عطف۔معطوف على(مَن)	حال
س م و۔سَمَا۔يَسْمُو۔سُمُوًّا	أرض	ط ي ر۔طَارَ۔يَطِيرُ۔طَيْرًا	ص ف ف۔صَفَّ۔يَصُفُّ۔صَفًّا
ٱلسَّمَٰوَٰتِ	وَٱلْأَرْضِ	وَٱلطَّيْرُ	صَٰٓفَّٰتٍ ۖ
آسمانوں میں	اور زمین میں ہے	اور پرندے (بھی)	پَر پھیلائے
آسمانوں اور زمین میں ہیں اور پروں کو پھیلائے ہوئے پرندے بھی۔			

مبتدأ	تحقيق	ماضٍ(هو)۔خبر	مفعول به۔مضاف۔مضاف إليه
ك ل ل۔كَلَّ۔يَكِلُّ۔كَلًّا		ع ل م۔عَلِمَ۔يَعْلَمُ۔عِلْمًا	ص ل و۔صَلَّى۔يُصَلِّي۔صَلَاةً
كُلٌّ	قَدْ	عَلِمَ	صَلَاتَهُۥ
ہر ایک نے	تحقیق	جان لی ہے	نماز اپنی
ہر ایک نے جان لی ہے اپنی نماز			

عطف۔معطوف على(صلاته)	استئنافية۔مبتدأ۔لفظ الجلالة	خبر	جار۔مجرور۔موصول
س ب ح۔سَبَّحَ۔يُسَبِّحُ۔تَسْبِيحَةً(تَفْعِيلٌ)	أ ل ه	ع ل م۔عَلِمَ۔يَعْلَمُ۔عِلْمًا	
وَتَسْبِيحَهُۥ ۗ	وَٱللَّهُ	عَلِيمٌۢ	بِمَا
اور تسبیح اپنی	اور اللہ	خوب جاننے والا ہے	اسے جو
اور تسبیح اور اللہ خوب جانتا ہے			

مضارع مرفوع۔فاعل۔صلة الموصول	عطف۔جار۔مجرور(خبر مقدم)	مبتدأ مؤخر۔مضاف	مضاف إليه
ف ع ل۔فَعَلَ۔يَفْعَلُ۔فَعْلًا	أ ل ه	م ل ك۔مَلَكَ۔يَمْلِكُ۔مُلْكًا	س م و۔سَمَا۔يَسْمُو۔سُمُوًّا
يَفْعَلُونَ ﴿٤١﴾	وَلِلَّهِ	مُلْكُ	ٱلسَّمَٰوَٰتِ
وہ کر رہے ہیں	اور اللہ ہی کے لیے ہے	بادشاہت	آسمانوں

جو وہ کرتے ہیں۔ اور اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں

عطف۔معطوف على (السموات)	عطف۔جار۔مجرور (خبر مقدم)۔لفظ الجلالة		مبتدأ مؤخر
أ ر ض		أ ل ه	ص ي ر۔صَارَ۔يَصِيرُ۔مَصِيرًا
وَٱلْأَرْضِ ۖ	وَإِلَى	ٱللَّهِ	ٱلْمَصِيرُ ﴿٤٢﴾
اور زمین کی	اور اللہ ہی کی طرف		لوٹنا ہے

اور زمین کی بادشاہی اور اللہ ہی کی طرف لوٹ جانا ہے۔

استفهام۔نفي وجزم وقلب	مضارع مجزوم (أنت)	توكيد ونصب	اسم (أَنَّ)۔لفظ الجلالة
	رأي۔رَأَى۔يَرَى۔رُؤْيَةً		أ ل ه
أَلَمْ	تَرَ	أَنَّ	ٱللَّهَ
کیا نہیں	آپ نے دیکھا	کہ بے شک	اللہ

کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ اللہ

مضارع مرفوع (هو)۔خبر (أَنَّ)	مفعول به	عطف	مضارع مرفوع (هو)
ز ج و۔أَزْجَى۔يُزْجِي۔إِزْجَاءً (إِفْعَالٌ)	س ح ب۔سَحَبَ۔يَسْحَبُ۔سَحْبًا		أ ل ف۔أَلَّفَ۔يُؤَلِّفُ۔تَأْلِيفًا (تَفْعِيلٌ)
يُزْجِي	سَحَابًا	ثُمَّ	يُؤَلِّفُ
وہ چلاتا ہے	بادل کو	پھر	وہ ملا دیتا ہے (انہیں)

ہانک کر لاتا ہے بادلوں کو پھر وہ انہیں آپس میں جوڑ دیتا ہے

ظرف۔مضاف إليه	عطف	مضارع مرفوع (هو)۔مفعول به أول	مفعول به ثانٍ	عطف۔مضارع مرفوع (أنت)
ب ي ن۔بَانَ۔يَبِينُ۔بَيْنًا		ج ع ل۔جَعَلَ۔يَجْعَلُ۔جَعْلًا	ر ك م۔رَكَمَ۔يَرْكُمُ۔رَكْمًا	رأي۔رَأَى۔يَرَى۔رُؤْيَةً
بَيْنَهُۥ	ثُمَّ	يَجْعَلُهُۥ	رُكَامًا	فَتَرَى
آپس میں	پھر	وہ کر دیتا ہے اسے	تہ بہ تہ	تو آپ دیکھتے ہیں

پھر انہیں تہ بر تہ کر دیتا ہے تو تم دیکھتے ہو

مفعول به	مضارع مرفوع (هو)۔حال	جار۔مجرور۔مضاف۔مضاف إليه		عطف۔مضارع مرفوع (هو)	جر
ودق	خ ر ج۔خَرَجَ۔يَخْرُجُ۔خُرُوجًا		خ ل ل۔خَلَّ۔يَخُلُّ۔خَلًّا	ن ز ل۔نَزَّلَ۔يُنَزِّلُ۔تَنْزِيلًا (تَفْعِيلٌ)	
ٱلْوَدْقَ	يَخْرُجُ	مِنْ	خِلَٰلِهِۦ	وَيُنَزِّلُ	مِنَ
بارش	نکلتی ہے	اس کے درمیان سے		اور وہ اتارتا ہے	

کہ بارش ان کے درمیان سے برستی ہے

مجرور	جار۔ مجرور		جار۔ مجرور«نعت»	جار۔ مجرور	
س م و۔ سَمَا۔ يَسْمُو۔ سُمُوًّا		ج ب ل۔ جَبَلَ۔ يَجْبُلُ۔ جَبْلًا			ب ر د۔ بَرَدَ۔ يَبْرُدُ۔ بَرْدًا
ٱلسَّمَآءِ	مِن	جِبَالٍ	فِيهَا	مِنۢ	بَرَدٍ
آسمان سے	پہاڑوں سے		اس میں	کچھ اولے	

اور اللہ آسمان سے اس کے اندر کے پہاڑوں سے اولے برساتا ہے

عطف۔ معطوف علی «يُنَزِّلُ»	جار۔ مجرور	موصول۔ مفعول به	مضارع مرفوع «هو»۔ صلة الموصول
ص و ب۔ أَصَابَ۔ يُصِيبُ۔ إِصَابَةً «إِفْعَالٌ»			ش ي أ۔ شَاءَ۔ يَشَاءُ۔ مَشِيئَةً
فَيُصِيبُ	بِهِۦ	مَن	يَشَآءُ
پھر وہ پہنچاتا ہے	اسے	جسے	وہ چاہتا ہے

تو وہ پہنچاتا ہے ان (اولوں) کو جس پر چاہتا ہے۔

عطف۔ مضارع مرفوع «هو»۔ مفعول به	جار۔ مجرور۔ موصول		مضارع مرفوع «هو»۔ صلة الموصول
ص ر ف۔ صَرَفَ۔ يَصْرِفُ۔ صَرْفًا			ش ي أ۔ شَاءَ۔ يَشَاءُ۔ مَشِيئَةً
وَيَصْرِفُهُۥ	عَن	مَّن	يَشَآءُ ۖ
اور وہ پھیر دیتا ہے اسے	جس سے		وہ چاہتا ہے

اور ان کا رخ پھیر دیتا ہے جس سے چاہتا ہے

مضارع ناقص	اسم «يكاد»۔ مضاف	مضاف إليه۔ مضاف۔ مضاف إليه	مضارع مرفوع «هو»۔ خبر «يكاد»
ك و د۔ كَادَ۔ يَكَادُ۔ كَوْدًا	س ن و۔ سَنَا۔ يَسْنُو۔ سَنْوًا	ب ر ق۔ بَرَقَ۔ يَبْرُقُ۔ بَرَقًا	ذ ه ب۔ ذَهَبَ۔ يَذْهَبُ۔ ذَهَابًا
يَكَادُ	سَنَا	بَرْقِهِۦ	يَذْهَبُ
قریب ہے کہ	چمک	اس کی بجلی کی	وہ لے جائے

قریب ہے کہ اس کی بجلی کی کوند لوگوں کی

جار۔ مجرور	مضارع مرفوع	لفظ الجلالة۔ فاعل	مفعول به
ب ص ر۔ بَصُرَ۔ يَبْصُرُ۔ بَصَارَةً	ق ل ب۔ قَلَّبَ۔ يُقَلِّبُ۔ تَقْلِيبًا «تَفْعِيلٌ»	أ ل ه	ل ي ل
بِٱلْأَبْصَٰرِ ﴿٤٣﴾	يُقَلِّبُ	ٱللَّهُ	ٱلَّيْلَ
نگاہوں کو	الٹ پلٹ کرتا ہے	اللہ	رات

نگاہوں کو اچک لے جائے۔ اللہ ادلتا بدلتا رہتا ہے رات

عطف۔ معطوف علی «الليل»	توكيد ونصب	جار۔ مجرور «خبر مقدم»۔ إشارة		لام توكيد۔ اسم «إنَّ»
ن ه ر۔ نَهَرَ۔ يَنْهَرُ۔ نَهْرًا				ع ب ر۔ عَبَرَ۔ يَعْبُرُ۔ عَبْرًا
وَٱلنَّهَارَ ۚ	إِنَّ	فِي	ذَٰلِكَ	لَعِبْرَةً
اور دن کو	یقیناً	اس میں		البتہ عبرت ہے

اور دن کو۔ یقیناً اس میں عبرت کا سامان ہے

جار۔مجرور۔مضاف	مضاف إليه	عطف۔مبتدأ۔لفظ الجلالة	ماضٍ(هو)۔خبر
أول۔آلَ۔يَئُولُ۔أَوْلًا	ب ص ر۔بَصُرَ۔يَبْصُرُ۔بَصَارَةً	أ ل ہ	خ ل ق۔خَلَقَ۔يَخْلُقُ۔خَلْقًا
لِّأُوْلِي	ٱلۡأَبۡصَٰرِ ﴿٤٤﴾	وَٱللَّهُ	خَلَقَ
اہلِ بصیرت کے لیے		اور اللہ نے	پیدا کیا

آنکھوں والوں کے لیے۔ اور اللہ نے بنایا ہے

مفعول به۔مضاف	مضاف إليه	جار۔مجرور		عطف۔جار۔مجرور	مبتدأ مؤخر۔موصول
ك ل ل۔كَلَّ۔يَكِلُّ۔كَلًّا	د ب ب۔دَبَّ۔يَدِبُّ۔دَبًّا		م و ه۔مَاهَ۔يَمُوهُ۔مَوْهًا	(خبر مقدم)	
كُلَّ	دَآبَّةٍ	مِّن	مَّآءٍۖ	فَمِنۡهُم	مَّن
ہر	جاندار کو	پانی سے		تو ان میں سے کوئی ہے	جو

ہر جاندار کو پانی سے تو ان میں کچھ ایسے (جانور) ہیں

مضارع مرفوع(هو)۔صلة الموصول	جار۔مجرور۔مضاف۔مضاف إليه		عطف۔جار۔مجرور	موصول۔مبتدأ مؤخر
م ش ي۔مَشَى۔يَمْشِي۔مَشْيًا		ب ط ن۔بَطَنَ۔يَبْطُنُ۔بَطْنًا	(خبر مقدم)	
يَمۡشِي	عَلَىٰ	بَطۡنِهِۦ	وَمِنۡهُم	مَّن
چلتا ہے	اپنے پیٹ پر		اور ان میں سے کوئی ہے	جو

جو اپنے پیٹ کے بل چلتے ہیں۔ اور ان میں کچھ وہ ہیں جو

مضارع مرفوع(هو)۔صلة الموصول	جار۔مجرور		عطف۔جار۔مجرور	موصول۔مبتدأ مؤخر
م ش ي۔مَشَى۔يَمْشِي۔مَشْيًا		ر ج ل۔رَجِلَ۔يَرْجَلُ۔رَجَلًا	(خبر مقدم)	
يَمۡشِي	عَلَىٰ	رِجۡلَيۡنِ	وَمِنۡهُم	مَّن
چلتا ہے	دو پاؤں پر		اور ان میں سے کوئی ہے	جو

دو ٹانگوں پر چلتے ہیں اور ان میں کچھ ایسے ہیں جو

مضارع مرفوع(هو)۔صلة الموصول	جار۔مجرور		مضارع مرفوع	لفظ الجلالة۔فاعل
م ش ي۔مَشَى۔يَمْشِي۔مَشْيًا		ر ب ع۔رَبَعَ۔يَرْبُعُ۔رَبْعًا	خ ل ق۔خَلَقَ۔يَخْلُقُ۔خَلْقًا	أ ل ہ
يَمۡشِي	عَلَىٰٓ	أَرۡبَعٖۚ	يَخۡلُقُ	ٱللَّهُ
چلتا ہے	چار (پاؤں) پر		پیدا کرتا ہے	اللہ

چار ٹانگوں پر چلتے ہیں۔ اللہ پیدا کرتا ہے

موصول۔مفعول به	مضارع مرفوع(هو)۔صلة الموصول	توكيد ونصب	لفظ الجلالة۔اسم(إِنَّ)	جار۔مجرور۔مضاف	
	ش ي أ۔شَاءَ۔يَشَاءُ۔مَشِيئَةً		أ ل ہ		ك ل ل
مَا	يَشَآءُۚ	إِنَّ	ٱللَّهَ	عَلَىٰ	كُلِّ
جو	وہ چاہتا ہے	بے شک	اللہ	اوپر	ہر

جو چاہتا ہے۔ یقیناً اللہ ہر چیز پر

مضاف إليه	خبر ((إنَّ))	واقعة في جواب قسم۔ تحقيق	ماضٍ۔ فاعل
ش ي أ۔ شَاءَ۔ يَشَاءُ۔ شَيْئًا	ق د ر۔ قَدَرَ۔ يَقْدِرُ۔ قُدْرَةً		ن ز ل۔ أَنْزَلَ۔ يُنْزِلُ۔ إِنْزَالًا ((إِفْعَالٌ))
شَىۡءٍ	قَدِيرٌ ﴿٤٥﴾	لَّقَدۡ	أَنزَلۡنَآ
چیز کے	خوب قدرت رکھنے والا ہے	البتہ تحقیق	نازل کیں ہم نے
قادر ہے۔ ہم نے نازل کر دی ہیں			

مفعول به	نعت۔ جمع مؤنث سالم	عطف۔ مبتدأ۔ لفظ الجلالة	مضارع مرفوع ((هو))
أ ي ي	ب ي ن۔ بَيَّنَ۔ يُبَيِّنُ۔ تَبْيِينًا ((تَفْعِيلٌ))	أ ل ه	ه د ي۔ هَدَى۔ يَهْدِي۔ هِدَايَةً
ءَايَٰتٍ	مُّبَيِّنَٰتٍۚ	وَٱللَّهُ	يَهۡدِى
آیات	واضح	اور اللہ	وہ ہدایت دیتا ہے
روشن آیات۔ اور اللہ ہدایت دیتا ہے			

موصول۔ مفعول به	مضارع مرفوع ((هو))۔ صلة الموصول	جار۔ مجرور		نعت
	ش ي أ۔ شَاءَ۔ يَشَاءُ۔ مَشِيئَةً		ص ر ط	ق و م۔ اِسْتَقَامَ۔ يَسْتَقِيمُ۔ اِسْتِقَامَةً ((اِسْتِفْعَالٌ))
مَن	يَشَآءُ	إِلَىٰ	صِرَٰطٍ	مُّسۡتَقِيمٍ ﴿٤٦﴾
جسے	وہ چاہتا ہے	طرف راستے		سیدھے کے
جس کو چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف۔				

استئنافية۔ مضارع مرفوع۔ فاعل	ماضٍ۔ فاعل	جار۔ مجرور۔ لفظ الجلالة	عطف۔ جار۔ مجرور
ق و ل۔ قَالَ۔ يَقُولُ۔ قَوْلًا	أ م ن۔ آمَنَ۔ يُؤْمِنُ۔ إِيمَانًا ((إِفْعَالٌ))	أ ل ه	ر س ل۔ رَسِلَ۔ يَرْسَلُ۔ رَسَلًا
وَيَقُولُونَ	ءَامَنَّا	بِٱللَّهِ	وَبِٱلرَّسُولِ
اور وہ کہتے ہیں	ایمان لائے ہم	اللہ پر	اور رسول پر
اور (کچھ لوگ وہ بھی ہیں جو) کہتے ہیں ہم ایمان لائے اللہ اور رسول ﷺ پر			

عطف۔ معطوف على ((آمَنَّا))	عطف	مضارع مرفوع	فاعل
ط و ع۔ أَطَاعَ۔ يُطِيعُ۔ إِطَاعَةً ((إِفْعَالٌ))		و ل ي۔ تَوَلَّى۔ يَتَوَلَّى۔ تَوَلِّيًا ((تَفْعِيلٌ))	ف ر ق۔ فَرَقَ۔ يَفْرُقُ۔ فَرْقًا
وَأَطَعۡنَا	ثُمَّ	يَتَوَلَّىٰ	فَرِيقٌ
اور اطاعت کی ہم نے	پھر	منہ پھیر لیتا ہے	ایک گروہ
اور ہم نے اطاعت قبول کی پھر اس کے بعد ان میں سے ایک فریق پیٹھ پھیر جاتا ہے			

جار۔ مجرور ((نعت))	جار۔ مجرور۔ ظرف		إشارة۔ مضاف إليه	حال۔ نافية	إشارة۔ مبتدأ
		ب ع د			
مِّنۡهُم	مِّنۢ	بَعۡدِ	ذَٰلِكَۚ	وَمَآ	أُوْلَٰٓئِكَ
ان میں سے	بعد		اس کے	اور نہیں	یہ لوگ
اور یہ لوگ در حقیقت					

زائدة۔خبر	عطف	ماضٍ للمجهول۔نائب فاعل۔مضاف إليه	جار۔مجرور۔لفظ الجلالة	
أم ن۔آمَنَ۔يُؤْمِنُ۔إِيمَانًا«إِفْعَالٌ»	ظرف زمان	دع و۔دَعَا۔يَدْعُو۔دُعَاءً		أ ل ه
بِٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿٤٧﴾	وَإِذَا	دُعُوٓا۟	إِلَى	ٱللَّهِ
ایمان لانے والے	اور جب	وہ بلائے جاتے ہیں	طرف اللہ کے	
مؤمن نہیں ہیں۔ اور جب انہیں بلایا جاتا ہے اللہ				

عطف۔معطوف على«لفظ الجلالة»۔مضاف إليه	تعليل وجر۔مضارع منصوب«هو»	ظرف۔مضاف إليه	الفجائية
ر س ل۔رَسِلَ۔يَرْسَلُ۔رَسَلًا	ح ك م۔حَكَمَ۔يَحْكُمُ۔حُكْمًا	ب ي ن۔بَانَ۔يَبِينُ۔بَيْنًا	
وَرَسُولِهِۦ	لِيَحْكُمَ	بَيْنَهُمْ	إِذَا
اور اس کے رسول کے	تاکہ وہ فیصلہ کرے	درمیان ان کے	تب
اور اس کے رسول ﷺ کی طرف کہ وہ ﷺ ان کے مابین فیصلہ کریں			

مبتدأ	جار۔مجرور«نعت»	خبر	عطف۔حرفِ شرط
ف ر ق۔فَرَقَ۔يَفْرُقُ۔فَرْقًا		ع ر ض۔أَعْرَضَ۔يُعْرِضُ۔إِعْرَاضًا«إِفْعَالٌ»	
فَرِيقٌ	مِّنْهُم	مُّعْرِضُونَ ﴿٤٨﴾	وَإِن
ایک گروہ (کے لوگ)	ان میں سے	اعراض کرنے والے ہوتے ہیں	اور اگر
تو اس وقت ان میں سے ایک گروہ کنّی کترا جاتا ہے۔ اور اگر			

مضارع ناقص۔فعل الشرط	جار۔مجرور«خبر يكن»	اسم«يكن»	مضارع مجزوم۔فاعل۔جواب الشرط
ك و ن۔كَانَ۔يَكُونُ۔كَوْنًا		ح ق ق۔حَقَّ۔يَحِقُّ۔حَقًّا	أ ت ي۔أَتَى۔يَأْتِي۔إِتْيَانًا
يَكُن	لَّهُمُ	ٱلْحَقُّ	يَأْتُوٓا۟
ہو	ان کے لیے	حق	وہ آتے ہیں
حق ان کے لیے ہو تو وہ آتے ہیں			

جار۔مجرور	حال	استفهام۔جار۔مجرور«خبر مقدم»۔مضاف۔مضاف إليه	
	ذ ع ن۔أَذْعَنَ۔يُذْعِنُ۔إِذْعَانًا«إِفْعَالٌ»		ق ل ب۔قَلَبَ۔يَقْلِبُ۔قَلْبًا
إِلَيْهِ	مُذْعِنِينَ ﴿٤٩﴾	أَفِي	قُلُوبِهِم
طرف اس کے	مطیع ہو کر	کیا ان کے دلوں میں	
رسول ﷺ کی طرف بڑے اطاعت کیش بن کر۔ کیا ان کے دلوں میں			

مبتدأ مؤخر	المنقطعة	ماضٍ۔فاعل	المنقطعة	مضارع مرفوع۔فاعل
م ر ض۔مَرِضَ۔يَمْرَضُ۔مَرَضًا		ر ي ب۔اِرْتَابَ۔يَرْتَابُ۔اِرْتِيَابًا«اِفْتِعَالٌ»		خ و ف۔خَافَ۔يَخَافُ۔خَوْفًا
مَّرَضٌ	أَمِ	ٱرْتَابُوٓا۟	أَمْ	يَخَافُونَ
کوئی بیماری ہے	یا	وہ شک میں پڑ گئے ہیں	یا	وہ ڈرتے ہیں
روگ ہے؟ یا یہ لوگ شک میں مبتلا ہیں؟ یا انہیں اندیشہ ہے				

مصدري ونصب	مضارع منصوب	فاعل-لفظ الجلالة	جار-مجرور	عطف-مضاف-مضاف اليه
	ح ي ف-حَافَ-يَحِيفُ-حَيْفًا	أ ل ه		ر س ل-رَسِلَ-يَرْسَلُ-رَسَلًا
أَن	يَحِيفَ	ٱللَّهُ	عَلَيْهِمْ	وَرَسُولُهُۥ ج
کہ	ظلم کرے گا	اللہ	ان پر	اور اس کا رسول
کہ اللہ اور اس کا رسول ﷺ ان کے ساتھ ناانصافی کریں گے				

إضراب الانتقالي	إشارة-مبتدأ	ضمير فصل	خبر	كافة مكفوفة	ماضٍ ناقص
			ظ ل م-ظَلَمَ-يَظْلِمُ-ظُلْمًا		ك و ن-كَانَ-يَكُونُ-كَوْنًا
بَلْ	أُوْلَٰٓئِكَ	هُمُ	ٱلظَّٰلِمُونَ ۝٥٠	إِنَّمَا	كَانَ
بلکہ	یہی لوگ ہیں	وہ	جو ظالم ہیں	بے شک	ہے
بلکہ حقیقت میں یہی لوگ ظالم ہیں۔ حقیقی					

خبر «كان»-مضاف	مضاف إليه	ظرف زمان	ماضٍ للمجهول-نائب فاعل-مضاف إليه	جر
ق و ل-قَالَ-يَقُولُ-قَوْلًا	أ م ن-آمَنَ-يُؤْمِنُ-إِيمَانًا«إفْعَالٌ»	معنى الشرط	د ع و-دَعَا-يَدْعُو-دُعَاءً	
قَوْلَ	ٱلْمُؤْمِنِينَ	إِذَا	دُعُوٓاْ	إِلَى
قول	مومنوں کا	جب	وہ بلائے جاتے ہیں	طرف
مؤمنین کو تو جب				

مجرور-لفظ الجلالة	عطف-معطوف على «لفظ الجلالة»-مضاف-مضاف إليه	تعليل وجر-مضارع منصوب «هو»
أ ل ه	ر س ل-رَسِلَ-يَرْسَلُ-رَسَلًا	ح ك م-حَكَمَ-يَحْكُمُ-حُكْمًا
ٱللَّهِ	وَرَسُولِهِۦ	لِيَحْكُمَ
اللہ کے	اور اس کے رسول کے	کہ وہ فیصلہ کرے
اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف بلایا جاتا ہے کہ وہ ان کے مابین فیصلہ کریں		

ظرف-مضاف إليه	مصدري ونصب	مضارع منصوب-فاعل-اسم «كان»	ماضٍ-فاعل
ب ي ن-بَانَ-يَبِينُ-بَيْنًا		ق و ل-قَالَ-يَقُولُ-قَوْلًا	س م ع-سَمِعَ-يَسْمَعُ-سَمْعًا
بَيْنَهُمْ	أَن	يَقُولُواْ	سَمِعْنَا
درمیان ان کے	کہ	وہ کہتے ہیں	سن لیا ہم نے
تو ان کا قول بس یہی ہوتا ہے کہ ہم نے سنا			

عطف-معطوف على «سمعنا»	استئنافية-إشارة-مبتدأ	ضمير فصل	خبر
ط و ع-أَطَاعَ-يُطِيعُ-إِطَاعَةً «إفْعَالٌ»			ف ل ح-أَفْلَحَ-يُفْلِحُ-إِفْلَاحًا «إفْعَالٌ»
وَأَطَعْنَا ج	وَأُوْلَٰٓئِكَ	هُمُ	ٱلْمُفْلِحُونَ ۝٥١
اور اطاعت کی ہم نے	اور یہی لوگ ہیں	وہ	جو فلاح پانے والے ہیں
اور ہم نے مانا اور وہی لوگ ہیں فلاح پانے والے۔			

عطف۔اسم شرط۔مبتدأ	مضارع مجزوم(هو)۔فعل الشرط	لفظ الجلالة۔مفعول به	عطف۔مضاف۔مضاف إليه
	ط و ع۔أَطَاعَ۔يُطِيعُ۔إِطَاعَةً(إِفْعَالٌ)	أ ل ه	ر س ل۔رَسِلَ۔يَرْسَلُ۔رَسَلًا
وَمَن	يُطِعِ	ٱللَّهَ	وَرَسُولَهُۥ
اور جو کوئی	اطاعت کرے گا	اللہ کی	اور اس کے رسول کی
اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرتا ہے			

عطف۔مضارع مجزوم(هو)	لفظ الجلالة۔مفعول به	عطف۔مضارع مجزوم(هو)۔فعل الشرط۔مفعول به
خ ش ي۔خَشِيَ۔يَخْشَى۔خَشْيَةً	أ ل ه	و ق ي۔اِتَّقَى۔يَتَّقِي۔اِتِّقَاءً(اِفْتِعَالٌ)
وَيَخْشَ	ٱللَّهَ	وَيَتَّقْهِ
اور وہ ڈرے گا	اللہ سے	اور وہ تقویٰ کرے گا اس سے
اور اللہ کا خوف رکھتا ہے اور اس کا تقویٰ اختیار کرتا ہے		

نصف الحزب ٣٦

واقعة في جواب الشرط۔إشارة۔مبتدأ	ضمير فصل	خبر۔جملة جواب الشرط	عطف۔ماضٍ۔فاعل
		ف و ز۔فَازَ۔يَفُوزُ۔فَوْزًا	ق س م۔أَقْسَمَ۔يُقْسِمُ۔إِقْسَامًا(إِفْعَالٌ)
فَأُوْلَـٰٓئِكَ	هُمُ	ٱلْفَآئِزُونَ ۝٥٢	وَأَقْسَمُواْ
تو یہی لوگ ہیں	وہ	جو کامیاب ہونے والے ہیں	اور انہوں نے قسمیں کھائیں
تو وہی لوگ ہیں جو کامیاب ہونے والے ہیں۔ اور وہ اللہ کی قسمیں			

جار۔مجرور۔لفظ الجلالة	مفعول مطلق۔مضاف	مضاف إليه۔مضاف۔مضاف إليه	موطئة للقسم۔حرفِ شرط
أ ل ه	ج ه د۔جَهَدَ۔يَجْهَدُ۔جَهْدًا	ي م ن۔يَمِنَ۔يَيْمَنُ۔يَمْنًا	
بِٱللَّهِ	جَهْدَ	أَيْمَـٰنِهِمْ	لَئِنْ
اللہ کی	پکی / پختہ	قسمیں اپنی	البتہ اگر
کھا کر کہتے ہیں اپنی امکانی حد تک پکی قسمیں کہ اگر			

ماضٍ۔فعل الشرط۔فاعل۔مفعول به	واقعة في جواب قسم۔مضارع مرفوع۔فاعل۔توكيد	أمر(أنت)
أ م ر۔أَمَرَ۔يَأْمُرُ۔أَمْرًا	خ ر ج۔خَرَجَ۔يَخْرُجُ۔خُرُوجًا	ق و ل۔قَالَ۔يَقُولُ۔قَوْلًا
أَمَرْتَهُمْ	لَيَخْرُجُنَّ ۖ	قُل
حکم دیا آپ نے انہیں	البتہ وہ ضرور نکلیں گے	کہہ دیجیے
آپ ﷺ انہیں حکم دیں گے تو وہ ضرور نکلیں گے۔ آپ ﷺ ان سے کہیے		

ناهية	مضارع مجزوم۔فاعل	مبتدأ	نعت	توكيد ونصب
	ق س م۔أَقْسَمَ۔يُقْسِمُ۔إِقْسَامًا(إِفْعَالٌ)	ط و ع۔أَطَاعَ۔يُطِيعُ۔إِطَاعَةً(إِفْعَالٌ)	ع ر ف۔عَرَفَ۔يَعْرِفُ۔عِرْفَانًا	
لَّا	تُقْسِمُواْ ۖ	طَاعَةٌ	مَّعْرُوفَةٌ ۚ	إِنَّ
نہ تم قسمیں کھاؤ		اطاعت تو	جانی پہچانی ہے	بے شک
کہ تم لوگ قسمیں نہ کھاؤ بس معروف طریقے سے				

اسم «إنّ» ـ لفظ الجلالة	خبر «إن»	جار ـ مجرور ـ موصول	مضارع مرفوع ـ فاعل ـ صلة الموصول
أ ل ه	خ ب ر ـ خَبَرَ ـ يَخْبُرُ ـ خَبْرًا		ع م ل ـ عَمِلَ ـ يَعْمَلُ ـ عَمَلًا
ٱللَّهَ	خَبِيرٌۢ	بِمَا	تَعْمَلُونَ ﴿٥٣﴾
اللہ	خوب خبر رکھنے والا ہے	اس کی جو	تم عمل کرتے ہو
اطاعت اختیار کرو یقیناً جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔			

أمر «أنت»	أمر ـ فاعل	لفظ الجلالة ـ مفعول به	عطف ـ معطوف على «أطيعوا»
ق و ل ـ قَالَ ـ يَقُولُ ـ قَوْلًا	ط و ع ـ أَطَاعَ ـ يُطِيعُ ـ إِطَاعَةً «إِفْعَالٌ»		ط و ع ـ أَطَاعَ ـ يُطِيعُ ـ إِطَاعَةً «إِفْعَالٌ»
قُلْ	أَطِيعُوا۟	ٱللَّهَ	وَأَطِيعُوا۟
کہہ دیجیے	اطاعت کرو	اللہ کی	اور اطاعت کرو
(اے نبی ﷺ!) آپ کہیے کہ تم لوگ اطاعت کرو			

مفعول به	عطف ـ حرفِ شرط	مضارع مجزوم ـ فعل الشرط ـ فاعل	واقعة في جواب الشرط ـ كافة مكفوفة
ر س ل ـ رَسِلَ ـ يَرْسَلُ ـ رَسَلًا		و ل ي ـ تَوَلَّى ـ يَتَوَلَّى ـ تَوَلِّيًا «تَفَعُّلٌ»	
ٱلرَّسُولَ ۖ	فَإِن	تَوَلَّوْا۟	فَإِنَّمَا
رسول کی	پھر اگر	تم منہ پھیرو گے	تو بے شک
اللہ کی اور اطاعت کرو رسول ﷺ کی پھر اگر تم منہ موڑتے ہو تو سن رکھو			

جار ـ مجرور «خبر مقدم»	موصول ـ مبتدأ ـ جملة جواب الشرط	ماضٍ للمجهول «هو» ـ صلة الموصول
		ح م ل ـ حَمَّلَ ـ يُحَمِّلُ ـ تَحْمِيلًا «تَفْعِيلٌ»
عَلَيْهِ	مَا	حُمِّلَ
اس (رسول) پر ہے	جو	بوجھ وہ ڈالا گیا
کہ ہمارے نبی ﷺ پر صرف وہی ذمہ داری ہے جو ان ﷺ پر ڈالی گئی ہے		

عطف ـ جار ـ مجرور «خبر مقدم»	موصول ـ مبتدأ	ماضٍ للمجهول ـ نائب فاعل ـ صلة الموصول	عطف ـ حرفِ شرط
		ح م ل ـ حَمَّلَ ـ يُحَمِّلُ ـ تَحْمِيلًا «تَفْعِيلٌ»	
وَعَلَيْكُم	مَّا	حُمِّلْتُمْ ۖ	وَإِن
اور تم پر ہے	جو	جو بوجھ ڈالے گئے تم	اور اگر
اور تم پر وہ ذمہ داری ہے جو تم پر ڈالی گئی ہے اور اگر			

مضارع مجزوم ـ فعل الشرط ـ فاعل ـ مفعول به	مضارع مجزوم ـ فاعل ـ جواب الشرط	استئنافية ـ نافية	جار ـ
ط و ع ـ أَطَاعَ ـ يُطِيعُ ـ إِطَاعَةً «إِفْعَالٌ»	ه د ي ـ اِهْتَدَى ـ يَهْتَدِي ـ اِهْتِدَاءً «اِفْتِعَالٌ»		
تُطِيعُوهُ	تَهْتَدُوا۟ ۚ	وَمَا	عَلَى
تم اطاعت کرو گے اس کی	تم ہدایت پا لو گے	اور نہیں ہے	
تم ان ﷺ کی اطاعت پر کاربند رہو گے تو تبھی تم ہدایت یافتہ ہو گے۔			

-مجرور «خبر مقدم»	استثناء	مبتدأ مؤخر	نعت
ر س ل- رَسِلَ- يَرْسَلُ- رَسَلًا		ب ل غ- أَبْلَغَ- يُبْلِغُ- إِبْلَاغًا «إِفْعَالٌ»	ب ي ن- أَبَانَ- يُبِينُ- إِبَانَةً «إِفْعَالٌ»
ٱلرَّسُولِ	إِلَّا	ٱلْبَلَٰغُ	ٱلْمُبِينُ ﴿٥٤﴾
رسول پر	مگر	پہنچا دینا	کھلم کھلا
اور (ہمارے) رسول ﷺ پر کوئی ذمہ داری نہیں ہے سوائے صاف صاف پہنچا دینے کے۔			

ماضٍ	فاعل- لفظ الجلالة	موصول- مفعول به أول	ماضٍ- فاعل- صلة الموصول	جار- مجرور
و ع د- وَعَدَ- يَعِدُ- وَعْدًا	أ ل ه		أ م ن- آمَنَ- يُؤْمِنُ- إِيمَانًا «إِفْعَالٌ»	
وَعَدَ	ٱللَّهُ	ٱلَّذِينَ	ءَامَنُوا۟	مِنكُمْ
وعدہ کیا	اللہ نے	ان لوگوں سے جو	ایمان لائے	تم میں سے
اللہ کا وعدہ ہے تم میں سے ان لوگوں کے ساتھ جو ایمان لائیں				

عطف- معطوف على «آمنوا»	مفعول به- جمع مؤنث سالم	و ج ق- مضارع مبني «هو»- توكيد- مفعول به	جر
ع م ل- عَمِلَ- يَعْمَلُ- عَمَلًا	ص ل ح- صَلَحَ- يَصْلَحُ- صَلَاحًا	خ ل ف- اِسْتَخْلَفَ- يَسْتَخْلِفُ- اِسْتِخْلَافًا «اِسْتِفْعَالٌ»	
وَعَمِلُوا۟	ٱلصَّٰلِحَٰتِ	لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ	فِي
اور انہوں نے عمل کیے	نیک	البتہ وہ ضرور جانشین بنائے گا انہیں	
اور نیک عمل کریں کہ وہ ضرور انہیں زمین میں خلافت (غلبہ) عطا کرے گا			

مجرور	تشبيه وجر- مصدري	ماضٍ «هو»	موصول- مفعول به
أ ر ض		خ ل ف- اِسْتَخْلَفَ- يَسْتَخْلِفُ- اِسْتِخْلَافًا «اِسْتِفْعَالٌ»	
ٱلْأَرْضِ	كَمَا	ٱسْتَخْلَفَ	ٱلَّذِينَ
زمین میں	جیسا کہ	اس نے جانشین بنایا تھا	انہیں جو
جیسے اس نے ان سے پہلے والوں کو خلافت عطا کی تھی			

جار- مجرور «صلة الموصول»- مضاف- مضاف إليه		عطف- و ج ق- مضارع مبني «هو»- توكيد	جار- مجرور
	ق ب ل- قَبِلَ- يَقْبَلُ- قَبْلًا	م ك ن- مَكَّنَ- يُمَكِّنُ- تَمْكِينًا «تَفْعِيلٌ»	
مِن	قَبْلِهِمْ	وَلَيُمَكِّنَنَّ	لَهُمْ
ان سے پہلے تھے		اور البتہ وہ ضرور جما دے گا	ان کے لیے
اور وہ ضرور ان کے اس دین کو غلبہ عطا کرے گا			

مفعول به- مضاف- مضاف إليه	موصول- نعت	ماضٍ «هو»- صلة الموصول	جار- مجرور
د ي ن- دَانَ- يَدِينُ- دِينًا		ر ض و- اِرْتَضَى- يَرْتَضِي- اِرْتِضَاءً «اِفْتِعَالٌ»	
دِينَهُمُ	ٱلَّذِى	ٱرْتَضَىٰ	لَهُمْ
دین ان کا	وہ جو	اس نے پسند کیا ہے	ان کے لیے
جو ان کے لیے اس نے پسند کیا ہے اور وہ ان کی			

وج ق-مضارع مبني «هو»-توكيد-مفعول به	جار-مجرور-ظرف		مضاف إليه-مضاف-مضاف إليه
ب د ل-بَدَّلَ-يُبَدِّلُ-تَبْدِيلًا «تَفْعِيلٌ»		ب ع د	خ و ف-خَافَ-يَخَافُ-خَوْفًا
وَلَيُبَدِّلَنَّهُم	مِّنۢ	بَعْدِ	خَوْفِهِمْ
اور البتہ وہ ضرور بدل کر دے گا انہیں	بعد		ان کے خوف کے
(موجودہ) خوف کی حالت کے بعد اس کو لازماً امن سے بدل دے گا۔			

مفعول به	مضارع مرفوع-فاعل-وقاية-مفعول به-حال	نافية	مضارع مرفوع-فاعل
أ م ن-أَمِنَ-يَأْمَنُ-أَمْنًا	ع ب د-عَبَدَ-يَعْبُدُ-عِبَادَةً		ش ر ك-أَشْرَكَ-يُشْرِكُ-إِشْرَاكًا «إِفْعَالٌ»
أَمْنًاۚ	يَعْبُدُونَنِي	لَا	يُشْرِكُونَ
امن	وہ عبادت کریں گے میری	نہ وہ شریک کریں گے	
وہ میری ہی عبادت کریں گے اور میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے			

جار-مجرور	مفعول مطلق	عطف-اسم شرط-مبتدأ	ماضٍ «هو»-فعل الشرط	ظرف
	ش ي أ-شَاءَ-يَشَاءُ-شَيْئًا		ك ف ر-كَفَرَ-يَكْفُرُ-كُفْرًا	
بِي	شَيْـًٔاۚ	وَمَن	كَفَرَ	بَعْدَ
میرے ساتھ	کسی چیز کو	اور جو کوئی	کفر کرے	بعد
اور جو اس کے بعد بھی کفر کرے				

إشارة-مضاف إليه	واقعة في جواب الشرط-إشارة-مبتدأ	ضمير فصل	خبر-جملة جواب الشرط
			ف س ق-فَسَقَ-يَفْسُقُ-فُسُوقًا
ذَٰلِكَ	فَأُو۟لَٰٓئِكَ	هُمُ	ٱلْفَٰسِقُونَ ﴿٥٥﴾
اس کے	تو یہی لوگ ہیں	وہ	جو فاسق ہیں
تو ایسے لوگ ہی فاسق ہیں۔			

استئنافية-أمر-فاعل	مفعول به	عطف-أمر-فاعل	مفعول به
ق و م-أَقَامَ-يُقِيمُ-إِقَامَةً «إِفْعَالٌ»	ص ل و	أ ت ي-آتَى-يُؤْتِي-إِيتَاءً «إِفْعَالٌ»	ز ك و-زَكَى-يَزْكُو-زُكَاءً
وَأَقِيمُوا۟	ٱلصَّلَوٰةَ	وَءَاتُوا۟	ٱلزَّكَوٰةَ
اور قائم کرو	نماز	اور ادا کرو	زکوۃ
اور نماز قائم کرو اور زکوۃ ادا کرو			

عطف-أمر-فاعل	مفعول به	الترجّي-اسم «لعل»
ط و ع-أَطَاعَ-يُطِيعُ-إِطَاعَةً «إِفْعَالٌ»	ر س ل-رَسِلَ-يَرْسَلُ-رَسَلًا	
وَأَطِيعُوا۟	ٱلرَّسُولَ	لَعَلَّكُمْ
اور اطاعت کرو	رسول کی	تاکہ تم
اور رسول ﷺ کی اطاعت کرو		

مضارع مرفوع للمجهول۔نائب فاعل۔خبر(لعل)	ناهية	مضارع مجزوم(أنت)	موصول۔مفعول به أول
رح م۔ رَحِمَ۔يَرْحَمُ۔رَحْمَةً		ح س ب۔ حَسِبَ۔يَحْسَبُ۔حِسْبَانًا	
تُرْحَمُونَ ﴿٥٦﴾	لَا	تَحْسَبَنَّ	ٱلَّذِينَ
تم رحم کیے جاؤ		ہر گز نہ سمجھے آپ	ان کو جنہوں نے
تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ ان کافروں کی نسبت یہ گمان نہ کرو			

ماضٍ۔فاعل۔صلة الموصول	مفعول به ثانٍ	جار۔مجرور	عطف۔مبتدأ۔مضاف۔مضاف إليه
ك ف ر۔ كَفَرَ۔يَكْفُرُ۔كُفْرًا	ع ج ز۔ أَعْجَزَ۔يُعْجِزُ۔إِعْجَازًا(إِفْعَالٌ)	أ ر ض	أ و ي۔ أَوَى۔يَأْوِي۔إِوَاءً
كَفَرُوا۟	مُعْجِزِينَ	فِى ٱلْأَرْضِ ۚ	وَمَأْوَىٰهُمُ
کفر کیا	کہ وہ عاجز کرنے والے ہیں	زمین میں	اور ٹھکانہ ان کا
کہ وہ زمین میں اللہ کو عاجز کر دیں گے اور ان کا ٹھکانہ			

خبر	استئنافية۔واقعة في جواب قسم۔ماضٍ جامد الذم	فاعل	نداء۔منادى
ن و ر۔ نَارَ۔يَنُورُ۔نَوْرًا	ب أ س۔ بَئِسَ	ص ي ر۔ صَارَ۔يَصِيرُ۔مَصِيرًا	
ٱلنَّارُ ۖ	وَلَبِئْسَ	ٱلْمَصِيرُ ﴿٥٧﴾	يَٰٓأَيُّهَا
آگ ہے	اور یقیناً کتنی بری ہے	لوٹنے کی جگہ	اے
آگ ہے اور وہ بہت ہی برا ٹھکانہ ہے۔ اے			

موصول۔نعت	ماضٍ۔فاعل۔صلة الموصول	لام أمر۔مضارع مجزوم۔مفعول به	موصول۔فاعل
	أ م ن۔ آمَنَ۔يُؤْمِنُ۔إِيمَانًا(إِفْعَالٌ)	أ ذ ن۔ اِسْتَأْذَنَ۔يَسْتَأْذِنُ۔اِسْتِيذَانًا(اِسْتِفْعَالٌ)	
ٱلَّذِينَ	ءَامَنُوا۟	لِيَسْتَـْٔذِنكُمُ	ٱلَّذِينَ
لوگو جو	ایمان لائے ہو	چاہیے کہ اجازت طلب کریں تم سے	وہ لوگ جن کے
ایمان والو! چاہیے کہ تم سے اجازت لیا کریں			

ماضٍ	فاعل۔مضاف۔مضاف إليه۔جملة صلة الموصول	عطف۔موصول	نفي وجزم وقلب
م ل ك۔ مَلَكَ۔يَمْلِكُ۔مِلْكًا	ي م ن۔ يَمِنَ۔يَيْمَنُ۔يَمْنًا		
مَلَكَتْ	أَيْمَٰنُكُمْ	وَٱلَّذِينَ	لَمْ
مالک ہوئے	دائیں ہاتھ تمہارے	اور وہ جو	نہیں
تمہارے غلام اور لونڈیاں			

مضارع مجزوم۔فاعل۔صلة الموصول	مفعول به	جار۔مجرور(حال)	مفعول مطلق۔مضاف
ب ل غ۔ بَلَغَ۔يَبْلُغُ۔بُلُوغًا	ح ل م۔ حَلَمَ۔يَحْلُمُ۔حُلْمًا		ث ل ث۔ ثَلَثَ۔يَثْلُثُ۔ثَلْثًا
يَبْلُغُوا۟	ٱلْحُلُمَ	مِنكُمْ	ثَلَٰثَ
وہ پہنچے	بلوغت کو	تم میں سے	تین
اور تمہارے وہ بچے بھی جو ابھی بلوغت کی عمر کو نہیں پہنچے تین			

مضاف إليه	جار-مجرور-مضاف		مضاف إليه-مضاف	مضاف إليه
م ر ر-مَرَّ-يَمُرُّ-مَرًّا		ق ب ل-قَبَلَ-يَقْبَلُ-قَبْلًا	ص ل و	ف ج ر-فَجَرَ-يَفْجُرُ-فَجْرًا
مَرّٰتٍ ج	مِّن	قَبْلِ	صَلٰوةِ	الْفَجْرِ
بار	پہلے		نماز	فجر سے
اوقات میں فجر کی نماز سے پہلے				

عطف-ظرف زمان	مضارع مرفوع-فاعل-مضاف إليه	مفعول به-مضاف-مضاف إليه	جار-مجرور	
ح ي ن-حَانَ-يَحِينُ-حَيْنًا	و ض ع-وَضَعَ-يَضَعُ-وَضْعًا	ث و ب-ثَابَ-يَثُوبُ-ثَوْبًا		ظ ه ر-ظَهَرَ-يَظْهَرُ-ظُهُورًا
وَحِينَ	تَضَعُونَ	ثِيَابَكُم	مِّنَ	الظَّهِيرَةِ
اور جس وقت	تم اتار رکھتے ہو	کپڑے اپنے	دوپہر کے وقت	
اور جب تم اپنے کپڑے اتار دیتے ہو دوپہر کے وقت				

عطف-جار-مجرور-ظرف		مضاف إليه-مضاف	مضاف إليه	خبر-مضاف
	ب ع د	ص ل و	ع ش و-عَشَا-يَعْشُو-عَشْوًا	ث ل ث-ثَلَثَ-يَثْلُثُ-ثَلْثًا
وَمِنْ	بَعْدِ	صَلٰوةِ	الْعِشَاءِ ج	ثَلٰثُ
اور بعد		نماز	عشاء کے	تین
اور عشاء کی نماز کے بعد یہ تین				

مضاف إليه	جار-مجرور (نعت)	ماضٍ ناقص	جار-مجرور (خبر ليس)	عطف-زائدة-نافية
ع و ر-عَارَ-يَعُورُ-عَوْرًا		ل ي س		
عَوْرٰتٍ	لَّكُمْ ج	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	وَلَا
پردے کے (وقت ہیں)	تمہارے لیے	نہیں	تم پر	اور نہ
اوقات تمہارے پردے کے ہیں ان اوقات کے بعد (وہ بلا اجازت آئیں تو) تم پر اور				

جار-مجرور	اسم (ليس)	ظرف زمان (نعت)-مضاف إليه	خبر	جار-مجرور
	ج ن ح-جَنَحَ-يَجْنَحُ-جُنُوحًا	ب ع د	ط و ف-طَافَ-يَطُوفُ-طَوَافًا	
عَلَيْهِمْ	جُنَاحٌ	بَعْدَهُنَّ ج	طَوّٰفُونَ	عَلَيْكُم
ان پر	کوئی گناہ	بعد ان (اوقات) کے	بکثرت آنے جانے والے ہیں	تم پر
ان پر کوئی حرج نہیں تم ایک دوسرے کے پاس				

مبتدأ-مضاف إليه	جار-مجرور (خبر)		تشبيه وجار-مجرور (نعت)-إشارة	مضارع مرفوع
ب ع ض-بَعِضَ-يَبْعَضُ-بَعْضًا		ب ع ض		ب ي ن-بَيَّنَ-يُبَيِّنُ-تَبْيِينًا (تفعيل)
بَعْضُكُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ ج	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ
بعض تمہارے	بعض پر		اسی طرح	واضح کرتا ہے
پھرتے پھراتے ہی رہتے ہو اسی طرح اللہ واضح کرتا ہے				

فاعل۔لفظ الجلالة	جار۔مجرور	مفعول به	اعتراضية۔مبتدأ۔لفظ الجلالة	خبرأول
أ ل ہ		أ ي ي	أ ل ہ	ع ل م۔عَلِمَ۔يَعْلَمُ۔عِلْمًا
ٱللَّهُ	لَكُمُ	ٱلْأَيَٰتِ ۗ	وَٱللَّهُ	عَلِيمٌ
اللہ	تمہارے لیے	آیات	اور اللہ	خوب علم والا ہے
تمہارے لیے اپنی آیات۔اور اللہ علیم ہے				

خبر ثانٍ	عطف۔ظرف زمان	ماضٍ	فاعل۔جملة مضاف إليه
ح ك م۔حَكَمَ۔يَحْكُمُ۔حُكْمًا	معنى الشرط	ب ل غ۔بَلَغَ۔يَبْلُغُ۔بُلُوغًا	ط ف ل۔طَفَلَ۔يَطْفُلُ۔طُفُولَةً
حَكِيمٌ ﴿٥٨﴾	وَإِذَا	بَلَغَ	ٱلْأَطْفَٰلُ
خوب حکمت والا ہے	اور جب	پہنچ جائیں	بچے
حکیم ہے۔اور جب تمہارے بچے			

جار۔مجرور(حال)	مفعول به	واقعة في جواب(إذا)۔لام أمر۔مضارع مجزوم۔فاعل	تشبيه وجار
	ح ل م۔حَلُمَ۔يَحْلُمُ۔حُلْمًا	أ ذ ن۔اِسْتَأْذَنَ۔يَسْتَأْذِنُ۔اِسْتِيذَانًا(اِستِفْعَالٌ)	مصدری
مِنكُمُ	ٱلْحُلُمَ	فَلْيَسْتَـْٔذِنُوا۟	كَمَا
تم میں سے	بلوغت کو	پس چاہیے کہ وہ اجازت لیا کریں	جیسا کہ
بلوغت کی عمر کو پہنچ جائیں تو چاہیے کہ وہ بھی اجازت لیں جیسے			

ماضٍ	فاعل۔موصول	جار۔مجرور(صلة الموصول)۔مضاف۔مضاف إليه	
أ ذ ن۔اِسْتَأْذَنَ۔يَسْتَأْذِنُ۔اِسْتِيذَانًا(اِستِفْعَالٌ)			ق ب ل۔قَبَلَ۔يَقْبَلُ۔قَبْلًا
ٱسْتَـْٔذَنَ	ٱلَّذِينَ	مِن	قَبْلِهِمْ ۚ
اجازت لیتے تھے	وہ لوگ جو	ان سے پہلے تھے	
ان سے پہلے لوگ اجازت لیتے ہیں			

تشبيه وجر۔إشارة	مضارع مرفوع	لفظ الجلالة۔فاعل	جار۔مجرور	مفعول به۔مضاف۔مضاف إليه
	ب ي ن۔بَيَّنَ۔يُبَيِّنُ۔تَبْيِينًا(تَفْعِيلٌ)	أ ل ہ		أ ي ي
كَذَٰلِكَ	يُبَيِّنُ	ٱللَّهُ	لَكُمْ	ءَايَٰتِهِۦ ۗ
اسی طرح	واضح کرتا ہے	اللہ	تمہارے لیے	اپنی آیات کو
اس طرح اللہ تمہارے لیے اپنی آیات کی وضاحت کرتا ہے۔				

لفظ الجلالة۔اعتراضية۔مبتدأ	خبرأول	خبر ثانٍ	عطف۔مبتدأ
أ ل ہ	ع ل م۔عَلِمَ۔يَعْلَمُ۔عِلْمًا	ح ك م۔حَكَمَ۔يَحْكُمُ۔حُكْمًا	ق ع د۔قَعَدَ۔يَقْعُدُ۔قُعُودًا
وَٱللَّهُ	عَلِيمٌ	حَكِيمٌ ﴿٥٩﴾	وَٱلْقَوَٰعِدُ
اور اللہ	خوب علم والا ہے	خوب حکمت والا ہے	اور بیٹھ رہنے والیاں
اور اللہ علیم ہے حکیم ہے۔اور (گھروں میں) بیٹھ رہنے والی عورتیں			

جار۔مجرور«حال»		موصول۔نعت	نافية	مضارع مبني على السكون۔فاعل۔صلة الموصول
	ن س و			ر ج و۔ رَجَا۔يَرْجُو۔رَجَاءً
مِنَ	ٱلنِّسَآءِ	ٱلَّٰتِي	لَا	يَرْجُونَ
عورتوں میں سے		وہ جو	نہیں وہ امید رکھتیں	

جواب نکاح کی امیدوار نہ ہوں

مفعول به	واقعة في خبر۔ماضٍ ناقص	جار۔مجرور«خبرليس»	اسم«ليس»
ن ك ح۔ نَكَحَ۔يَنْكِحُ۔نَكْحًا	ل ي س		ج ن ح۔ جَنَحَ۔يَجْنَحُ۔جُنُوحًا
نِكَاحًا	فَلَيْسَ	عَلَيْهِنَّ	جُنَاحٌ
نکاح کی	تو نہیں ہے	ان پر	کوئی گناہ

تو ان پر کوئی حرج نہیں

مصدري ونصب	مضارع منصوب۔فاعل	مفعول به۔مضاف۔مضاف إليه	حال۔مضاف
	و ض ع۔ وَضَعَ۔يَضَعُ۔وَضْعًا	ث و ب۔ ثَابَ۔يَثُوبُ۔ثَوْبًا	
أَن	يَضَعْنَ	ثِيَابَهُنَّ	غَيْرَ
کہ	وہ اتار رکھیں	کپڑے (حجاب) اپنے	نہ

اگر وہ اپنے (اضافی) کپڑے اتار دیا کریں

مضاف إليه	جار۔مجرور	استئنافية۔مصدري ونصب
ب ر ج۔ تَبَرَّجَ۔يَتَبَرَّجُ۔تَبَرُّجًا«تَفَعُّلٌ»	ز ي ن۔ زَانَ۔يَزِينُ۔زَيْنًا	
مُتَبَرِّجَٰتِۭ	بِزِينَةٍ ۖ	وَأَن
ظاہر کرنے والیاں	زینت کو	اور یہ کہ

بشرطیکہ زینت کی نمائش کرنے والی نہ ہوں اور اگر وہ

مضارع منصوب۔فاعل۔مبتدأ	خبر	جار۔مجرور	استئنافية۔مبتدأ
ع ف ف۔ اِسْتَعَفَّ۔يَسْتَعِفُّ۔اِسْتِعْفَافًا«اِسْتِفْعَالٌ»	خ ي ر۔ خَارَ۔يَخِيرُ۔خَيْرًا		أ ل ه
يَسْتَعْفِفْنَ	خَيْرٌ	لَّهُنَّ ۗ	وَٱللَّهُ
وہ احتیاط برتیں	بہتر ہے	ان کے لیے	اور اللہ

اس معاملے میں احتیاط ہی کریں تو یہ ان کے لیے بہتر ہے۔ اور اللہ

خبرأول	خبرثانٍ	ماضٍ	جار۔مجرور«خبرليس»	
س م ع۔ سَمِعَ۔يَسْمَعُ۔سَمَاعًا	ع ل م۔ عَلِمَ۔يَعْلَمُ۔عِلْمًا	ل ي س		ع م ي۔ عَمِيَ۔يَعْمَى۔عَمْيًا
سَمِيعٌ	عَلِيمٌ ﴿٦٠﴾	لَّيْسَ	عَلَى	ٱلْأَعْمَىٰ
خوب سننے والا ہے	خوب جاننے والا ہے	نہیں ہے	اندھے پر	

سب کچھ سننے والا ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ کسی اندھے پر

اسم«ليس»	عطف-زائدة-نافية	جار-مجرور-معطوف على«الأعمى»		معطوف على اسم«ليس»
ح ر ج-حَرِجَ-يَحْرَجُ-حَرَجًا			ع ر ج-عَرَجَ-يَعْرُجُ-عُرُوجًا	ح ر ج-حَرِجَ-يَحْرَجُ-حَرَجًا
حَرَجٌ	وَلَا	عَلَى	ٱلْأَعْرَجِ	حَرَجٌ
کوئی حرج / گناہ	اور نہ	لنگڑے پر		کوئی حرج / گناہ
کوئی تنگی نہیں اور نہ کسی لنگڑے پر کوئی تنگی ہے				

عطف-زائدة-نافية	جار-مجرور-معطوف على«الأعمى»		معطوف على اسم«ليس»	عطف-زائدة-نافية	جر
		م ر ض-مَرِضَ-يَمْرَضُ-مَرَضًا	ح ر ج-حَرِجَ-يَحْرَجُ-حَرَجًا		
وَلَا	عَلَى	ٱلْمَرِيضِ	حَرَجٌ	وَلَا	عَلَىٰٓ
اور نہ	مریض پر		کوئی حرج / گناہ	اور نہ	
اور نہ کسی مریض پر کوئی تنگی ہے اور نہ خود					

مجرور-مضاف-مضاف إليه	مصدري ونصب	مضارع منصوب-فاعل	جار-مجرور-مضاف-مضاف إليه		عطف
ن ف س-نَفَسَ-يَنْفُسُ-نَفْسًا		أ ك ل-أَكَلَ-يَأْكُلُ-أَكْلًا		ب ي ت-بَاتَ-يَبِيتُ-بَيْتًا	
أَنفُسِكُمْ	أَن	تَأْكُلُوا۟	مِنۢ	بُيُوتِكُمْ	أَوْ
تمہارے نفسوں پر	کہ	تم کھاؤ	اپنے گھروں سے		یا
تمہارے اپنے اوپر (اس ضمن میں) کوئی تنگی ہے کہ تم کھانا کھایا کرو اپنے گھروں سے یا					

معطوف على«بيوت»الأولى-مضاف	مضاف إليه-مضاف-مضاف إليه	عطف	معطوف على«بيوت»الأولى-مضاف
ب ي ت-بَاتَ-يَبِيتُ-بَيْتًا	أ ب و		ب ي ت-بَاتَ-يَبِيتُ-بَيْتًا
بُيُوتِ	ءَابَآئِكُمْ	أَوْ	بُيُوتِ
گھروں سے	اپنے باپوں کے	یا	گھروں سے
اپنے باپوں کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے			

مضاف إليه-مضاف-مضاف إليه	عطف	معطوف على«بيوت»الأولى-مضاف	مضاف إليه-مضاف-مضاف إليه	عطف
أ م م-أَمَّ-يَؤُمُّ-أَمًّا		ب ي ت-بَاتَ-يَبِيتُ-بَيْتًا	أ خ و-أَخَا-يَأْخُو-أُخُوَّةً	
أُمَّهَـٰتِكُمْ	أَوْ	بُيُوتِ	إِخْوَٰنِكُمْ	أَوْ
اپنی ماؤں کے	یا	گھروں سے	اپنے بھائیوں کے	یا
گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا				

معطوف على«بيوت»الأولى-مضاف	مضاف إليه-مضاف-مضاف إليه	عطف	معطوف على«بيوت»الأولى-مضاف
ب ي ت-بَاتَ-يَبِيتُ-بَيْتًا	أ خ و-أَخَا-يَأْخُو-أُخُوَّةً		ب ي ت-بَاتَ-يَبِيتُ-بَيْتًا
بُيُوتِ	أَخَوَٰتِكُمْ	أَوْ	بُيُوتِ
گھروں سے	اپنی بہنوں کے	یا	گھروں سے
اپنی بہنوں کے گھروں سے یا			

مضاف إليه۔ مضاف۔ مضاف إليه	عطف	معطوف على «بيوت» الأولى۔ مضاف	مضاف إليه۔ مضاف۔ مضاف إليه
ع م م۔ عَمَّ۔ يَعُمُّ۔ عُمُومًا		ب ي ت۔ بَاتَ۔ يَبِيتُ۔ بَيْتًا	ع م م۔ عَمَّ۔ يَعُمُّ۔ عُمُومًا
أَعْمَـٰمِكُمْ	أَوْ	بُيُوتِ	عَمَّـٰتِكُمْ
اپنے چچاؤں کے	یا	گھروں سے	اپنی پھوپھیوں کے
اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے			

عطف	معطوف على «بيوت» الأولى۔ مضاف	مضاف إليه۔ مضاف۔ مضاف إليه	عطف	معطوف على «بيوت» الأولى۔ مضاف
	ب ي ت۔ بَاتَ۔ يَبِيتُ۔ بَيْتًا	خ و ل۔ خَالَ۔ يَخَالُ۔ خَوْلًا		ب ي ت۔ بَاتَ۔ يَبِيتُ۔ بَيْتًا
أَوْ	بُيُوتِ	أَخْوَٰلِكُمْ	أَوْ	بُيُوتِ
یا	گھروں سے	اپنے ماموؤں کے	یا	گھروں سے
گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا				

مضاف إليه۔ مضاف۔ مضاف إليه	عطف	موصول	ماضٍ۔ فاعل۔ صلة الموصول	مفعول به۔ مضاف۔ مضاف إليه	عطف
خ و ل۔ خَالَ۔ يَخَالُ۔ خَوْلًا			م ل ك۔ مَلَكَ۔ يَمْلِكُ۔ مِلْكًا	ف ت ح۔ فَتَحَ۔ يَفْتَحُ۔ فَتْحًا	
خَـٰلَـٰتِكُمْ	أَوْ	مَا	مَلَكْتُم	مَّفَاتِحَهُۥٓ	أَوْ
اپنی خالاؤں کے	یا	جو	مالک ہوئے تم	اس کی کنجیوں کے	یا
اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا (ایسے گھروں سے) جن کی چابیاں تمارے پاس ہوں یا					

معطوف على «بيوت» الأولى۔ مضاف۔ مضاف إليه	ماضٍ ناقص	جار۔ مجرور	اسم «ليس»	مصدري ونصب
ص د ق۔ صَدَقَ۔ يَصْدُقُ۔ صِدْقًا	ل ي س	«خبر ليس»	ج ن ح۔ جَنَحَ۔ يَجْنَحُ۔ جُنُوحًا	
صَدِيقِكُمْ ۚ	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ	أَن
اپنے دوست کے	نہیں	تم پر	کوئی گناہ	کہ
اپنے دوستوں کے گھروں سے۔ تمہارے اوپر کوئی حرج نہیں کہ				

مضارع منصوب۔ فاعل	حال	عطف	معطوف على «جميعًا»	عطف۔ ظرف زمان
أ ك ل۔ أَكَلَ۔ يَأْكُلُ۔ أَكْلًا	ج م ع۔ جَمَعَ۔ يَجْمَعُ۔ جَمْعًا		ش ت ت۔ شَتَّ۔ يَشِتُّ۔ شَتًّا	
تَأْكُلُوا۟	جَمِيعًا	أَوْ	أَشْتَاتًا ۚ	فَإِذَا
تم کھاؤ	مل کر	یا	الگ الگ	پھر جب
تم سب مل کر کھاؤ یا الگ الگ۔ تو جب				

ماضٍ۔ فاعل۔ مضاف إليه	مفعول به	واقعة في جواب «إذا»۔ أمر۔ فاعل	جار۔ مجرور۔ مضاف۔ مضاف إليه	
د خ ل۔ دَخَلَ۔ يَدْخُلُ۔ دُخُولًا	ب ي ت۔ بَاتَ۔ يَبِيتُ۔ بَيْتًا	س ل م۔ سَلَّمَ۔ يُسَلِّمُ۔ تَسْلِيمًا «تَفْعِيلٌ»		ن ف س
دَخَلْتُم	بُيُوتًا	فَسَلِّمُوا۟	عَلَىٰٓ	أَنفُسِكُمْ
داخل ہو تم	گھروں میں	تو سلام کرو	اپنے لوگوں پر	
تم گھروں میں داخل ہو تو اپنے (لوگوں) پر				

مفعول مطلق	جار۔ مجرور (نعت)۔ ظرف		لفظ الجلالة۔ مضاف إليه	نعت أول
ح ي ي۔ حَيَّ۔ يُحَيِّي۔ تَحِيَّةً		ع ن د	أ ل ه	ب ر ك۔ بَارَكَ۔ يُبَارِكُ۔ مُبَارَكَةً (مُفَاعَلَةٌ)
تَحِيَّةً	مِّنْ	عِندِ	ٱللَّهِ	مُبَٰرَكَةً
تحفہ (دعا) ہے	پاس سے		اللہ کے	بابرکت
سلام بھیجا کرو یہ دعا ہے اللہ کی طرف سے مبارک بھی				

نعت ثانٍ	تشبيه وجر۔ إشارة	مضارع مرفوع	لفظ الجلالة۔ فاعل	جار۔ مجرور
ط ي ب۔ طَابَ۔ يَطِيبُ۔ طِيبًا		ب ي ن۔ بَيَّنَ۔ يُبَيِّنُ۔ تَبْيِينًا (تَفْعِيلٌ)	أ ل ه	
طَيِّبَةً ج	كَذَٰلِكَ	يُبَيِّنُ	ٱللَّهُ	لَكُمُ
پاکیزہ	اسی طرح	واضح کرتا ہے	اللہ	تمہارے لیے
اور پاک بھی اسی طرح اللہ تمہارے لیے				

مفعول به۔ جمع مؤنث سالم	الترجّي۔ اسم (لعل)	مضارع مرفوع۔ فاعل۔ خبر (لعل)	كافة مكفوفة
أ ي ي		ع ق ل۔ عَقَلَ۔ يَعْقِلُ۔ عَقْلًا	
ٱلْءَايَٰتِ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُونَ ﴿٦١﴾	إِنَّمَا
آیات کو	تاکہ تم	تم عقل سے کام لو	بے شک
اپنی آیات واضح کر رہا ہے تاکہ تم لوگ عقل سے کام لو۔			

مبتدأ۔ جمع مذكر سالم	موصول۔ خبر	ماضٍ۔ فاعل۔ صلة الموصول	جار۔ مجرور۔ لفظ الجلالة
أ م ن۔ آمَنَ۔ يُؤْمِنُ۔ إِيمَانًا (إِفْعَالٌ)		أ م ن۔ آمَنَ۔ يُؤْمِنُ۔ إِيمَانًا (إِفْعَالٌ)	أ ل ه
ٱلْمُؤْمِنُونَ	ٱلَّذِينَ	ءَامَنُوا۟	بِٱللَّهِ
مومن تو	وہ ہیں جو	ایمان لائے	اللہ پر
مؤمن تو صرف وہی ہیں جو ایمان لائے اللہ پر			

عطف۔ معطوف على (لفظ الجلالة)۔ مضاف۔ مضاف إليه	عطف۔ ظرف زمان	ماضٍ ناقص۔ اسم (كان)	ظرف۔ خبر (كان)
ر س ل۔ رَسِلَ۔ يَرْسَلُ۔ رَسَلًا	معنى الشرط	ك و ن۔ كَانَ۔ يَكُونُ۔ كَوْنًا	مضاف إليه
وَرَسُولِهِۦ	وَإِذَا	كَانُوا۟	مَعَهُۥ
اور اس کے رسول پر	اور جب	وہ ہوتے ہیں	آپ کے ساتھ
اور اس کے رسول ﷺ پر اور جب وہ کسی اجتماعی کام کے ضمن میں			

جار۔ مجرور (حال)		نعت	نفي وجزم وقلب	مضارع مجزوم۔ فاعل	غاية
	أ م ر۔ أَمَرَ۔ يَأْمُرُ۔ أَمْرًا	ج م ع۔ جَمَعَ۔ يَجْمَعُ۔ جَمْعًا		ذ ه ب۔ ذَهَبَ۔ يَذْهَبُ۔ ذَهَبًا	
عَلَىٰٓ	أَمْرٍ	جَامِعٍ	لَّمْ	يَذْهَبُوا۟	حَتَّىٰ
کسی کام پر		اجتماعی	نہیں	وہ جاتے	یہاں تک کہ
رسول ﷺ کے ساتھ ہوتے ہیں تو وہاں سے جاتے نہیں جب تک کہ					

مضارع منصوب۔ فاعل۔ مفعول به	توکیدونصب	موصول	مضارع مرفوع۔ فاعل۔ مفعول به۔ صلة الموصول
أ ذ ن۔ اِسْتَأْذَنَ۔ يَسْتَأْذِنُ۔ اِسْتِيذَانًا ((اِستِفعَالٌ))		اسم ((إِنَّ))	أ ذ ن۔ اِسْتَأْذَنَ۔ يَسْتَأْذِنُ۔ اِسْتِيذَانًا ((اِستِفعَالٌ))
يَسْتَـْٔذِنُوهُ ج	إِنَّ	ٱلَّذِينَ	يَسْتَـْٔذِنُونَكَ
وہ اجازت لے لیں ان سے	بے شک	وہ لوگ جو	اجازت مانگتے ہیں آپ سے

ان ﷺ سے اجازت نہ لے لیں یقیناً جو لوگ آپ ﷺ سے اجازت طلب کرتے ہیں

إشارة۔ مبتدأ	خبر۔ موصول	مضارع مرفوع۔ فاعل۔ صلة الموصول	جار۔ مجرور
		أ م ن۔ آمَنَ۔ يُؤْمِنُ۔ إِيمَانًا ((إِفْعَالٌ))	أ ل ه
أُو۟لَـٰٓئِكَ	ٱلَّذِينَ	يُؤْمِنُونَ	بِٱللَّهِ
یہی وہ لوگ ہیں	جو	ایمان لائے ہیں	اللہ پر

وہی ہیں جو ایمان رکھتے ہیں اللہ پر

عطف۔ معطوف على ((لفظ الجلالة))۔ مضاف۔ مضاف إليه	عطف۔ ظرف زمان	ماضٍ۔ فاعل۔ مفعول به۔ مضاف إليه
ر س ل۔ رَسِلَ۔ يَرْسَلُ۔ رَسَلًا		أ ذ ن۔ اِسْتَأْذَنَ۔ يَسْتَأْذِنُ۔ اِسْتِيذَانًا ((اِستِفعَالٌ))
وَرَسُولِهِۦ ج	فَإِذَا	ٱسْتَـْٔذَنُوكَ
اور اس کے رسول پر	پھر جب	وہ اجازت مانگیں آپ سے

اور اس کے رسول ﷺ پر۔ پھر جب وہ آپ ﷺ سے اجازت مانگیں

جار۔ مجرور۔ مضاف	مضاف إليه۔ مضاف۔ مضاف إليه	واقعة في جواب ((إذا))۔ أمر ((أنت))	جار۔ مجرور	ماضٍ۔ فاعل۔ صلة الموصول
ب ع ض	ش أ ن۔ شَأَنَ۔ يَشْأَنُ۔ شَأْنًا	أ ذ ن۔ أَذِنَ۔ يَأْذَنُ۔ إِذْنًا	موصول	ش ي أ۔ شَاءَ۔ يَشَاءُ۔ مَشِيئَةً
لِبَعْضِ	شَأْنِهِمْ	فَأْذَن	لِّمَن	شِئْتَ
اپنے کسی کام کے لیے		تو اجازت دے دیجیے	جس کے لیے	آپ چاہیں

اپنے کسی عذر کی وجہ سے تو آپ ﷺ ان میں سے جس کو چاہیں اجازت دے دیجیے

جار۔ مجرور ((حال))	عطف۔ أمر ((أنت))	جار۔ مجرور	لفظ الجلالة۔ مفعول به	توکیدونصب
	غ ف ر۔ اِسْتَغْفَرَ۔ يَسْتَغْفِرُ۔ اِسْتِغْفَارًا ((اِسْتِفْعَالٌ))		أ ل ه	
مِنْهُمْ	وَٱسْتَغْفِرْ	لَهُمُ	ٱللَّهَ ج	إِنَّ
ان میں سے	اور بخشش مانگیے	ان کے لیے	اللہ سے	بے شک

اور ان کے لیے اللہ سے استغفار کیجیے یقیناً

لفظ الجلالة۔ اسم ((إِنَّ))	خبر ((إِنَّ)) أول	خبر ((إِنَّ)) ثانٍ	ناهية	مضارع مجزوم۔ فاعل
أ ل ه	غ ف ر۔ غَفَرَ۔ يَغْفِرُ۔ غَفْرًا	ر ح م۔ رَحِمَ۔ يَرْحَمُ۔ رَحْمَةً		ج ع ل۔ جَعَلَ۔ يَجْعَلُ۔ جَعْلًا
ٱللَّهَ	غَفُورٌ	رَّحِيمٌ ﴿٦٢﴾	لَّا	تَجْعَلُوا۟
اللہ	بہت بخشنے والا ہے	نہایت رحم کرنے والا ہے	نہ تم بنالو	

اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم کرنے والا ہے۔

مفعول به۔ مضاف	مضاف إليه	ظرف(حال)۔ مضاف إليه	جار۔ مجرور
دع و۔ دَعَا۔ يَدْعُو۔ دُعَاءً	ر س ل۔ رَسِلَ۔ يَرْسَلُ۔ رَسَلًا	ب ي ن۔ بَانَ۔ يَبِينُ۔ بَيْنًا	دع و۔ دَعَا۔ يَدْعُو۔ دُعَاءً
دُعَآءَ	ٱلرَّسُولِ	بَيْنَكُمْ	كَدُعَآءِ
بلانا	رسول کا	آپس میں	مانند بلانے کے
تم لوگ رسول ﷺ کے بلانے کو ایسے نہ سمجھ لو جیسے تمہارا آپس میں			

مضاف۔ مضاف إليه	مفعول به	تحقيق	مضارع مرفوع	لفظ الجلالة۔ فاعل	موصول۔ مفعول به
ب ع ض۔ بَعِضَ۔ يَبْعَضُ۔ بَعْضًا	ب ع ض		ع ل م۔ عَلِمَ۔ يَعْلَمُ۔ عِلْمًا	أ ل ه	
بَعْضِكُم	بَعْضًا ج	قَدْ	يَعْلَمُ	ٱللَّهُ	ٱلَّذِينَ
تمہارے بعض کے	بعض کو	تحقیق	جانتا ہے	اللہ	ان کو جو
ایک دوسرے کو بلانا۔ اللہ خوب جانتا ہے تم میں سے ان لوگوں کو جو					

مضارع مرفوع۔ فاعل۔ صلة الموصول	جار۔ مجرور(حال)	مفعول مطلق	عطف۔ لام أمر۔ مضارع مجزوم
س ل ل۔ تَسَلَّلَ۔ يَتَسَلَّلُ۔ تَسَلُّلًا(تَفَعُّلٌ)		ل و ذ۔ لَاذَ۔ يَلُوذُ۔ لِوَاذًا	ح ذ ر۔ حَذَرَ۔ يَحْذَرُ۔ حَذْرًا
يَتَسَلَّلُونَ	مِنكُمْ	لِوَاذًا ج	فَلْيَحْذَرِ
کھسک جاتے ہیں	تم میں سے	آڑ لیتے ہوئے	پس چاہیے کہ ڈریں
ایک دوسرے کی اوٹ لے کر کھسک جاتے ہیں۔ تو جو لوگ			

موصول۔ فاعل	مضارع مرفوع۔ فاعل۔ صلة الموصول	جار۔ مجرور۔ مضاف۔ مضاف إليه		مصدري ونصب
	خ ل ف۔ خَالَفَ۔ يُخَالِفُ۔ مُخَالَفَةً(مُفَاعَلَةٌ)		أ م ر۔ أَمَرَ۔ يَأْمُرُ۔ أَمْرًا	
ٱلَّذِينَ	يُخَالِفُونَ	عَنْ	أَمْرِهِۦٓ	أَن
وہ لوگ جو	مخالفت کرتے ہیں	اس کے حکم سے		کہ
رسول ﷺ کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں انہیں ڈرنا چاہیے				

مضارع منصوب۔ مفعول به	فاعل	عطف	مضارع منصوب۔ مفعول به
ص و ب۔ أَصَابَ۔ يُصِيبُ۔ إِصَابَةً(إِفْعَالٌ)	ف ت ن۔ فَتَنَ۔ يَفْتِنُ۔ فُتُونًا		ص و ب۔ أَصَابَ۔ يُصِيبُ۔ إِصَابَةً(إِفْعَالٌ)
تُصِيبَهُمْ	فِتْنَةٌ	أَوْ	يُصِيبَهُمْ
پہنچے انہیں	کوئی آزمائش	یا	پہنچے انہیں
کہ ان پر کوئی آزمائش آ جائے یا ان کو کوئی			

فاعل	نعت	حرفِ تنبيه	توكيد ونصب	جار۔ مجرور(خبر إنَّ)
ع ذ ب۔ عَذَبَ۔ يَعْذِبُ۔ عَذْبًا	أ ل م۔ أَلِمَ۔ يَأْلَمُ۔ أَلَمًا			أ ل ه
عَذَابٌ	أَلِيمٌ ﴿٦٣﴾	أَلَآ	إِنَّ	لِلَّهِ
عذاب	دردناک	خبردار	بے شک	اللہ ہی کے لیے ہے
دردناک عذاب آ پکڑے۔ آگاہ ہو جاؤ! یقیناً اللہ ہی کے لیے ہے				

موصول۔اسم﴿إنَّ﴾	جار۔مجرور﴿صلة الموصول﴾		عطف۔معطوف علی﴿السموات﴾	تحقیق	مضارع مرفوع﴿هو﴾
		س م و۔سَمَا۔يَسْمُو۔سُمُوًّا	أرض		ع ل م۔عَلِمَ۔يَعْلَمُ۔عِلْمًا
مَا	فِي	ٱلسَّمَٰوَٰتِ	وَٱلۡأَرۡضِۖ	قَدۡ	يَعۡلَمُ
جو	آسمانوں میں		اور زمین میں ہے	تحقیق	وہ جانتا ہے
جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے۔ وہ خوب جانتا ہے					

موصول۔مفعول به	مبتدأ	جار۔مجرور﴿خبر﴾	عطف۔معطوف علی﴿ما﴾	مضارع مرفوع للمجهول۔نائب فاعل
		جملة صلة الموصول	ي و م	ر ج ع۔رَجَعَ۔يَرْجِعُ۔رُجُوعًا
مَآ	أَنتُمۡ	عَلَيۡهِ	وَيَوۡمَ	يُرۡجَعُونَ
وہ جو ہو	تم	جس پر	اور جس دن	وہ لوٹائے جائیں گے
تم جس حال پر ہو اور جس دن یہ لوگ لوٹائے جائیں گے				

جار۔مجرور	عطف۔مضارع مرفوع﴿هو﴾۔مفعول به	جار۔مجرور۔موصول	ماضٍ۔فاعل۔صلة الموصول
	ن ب أ۔نَبَّأَ۔يُنَبِّئُ۔تَنْبِئَةً﴿تَفْعِيلٌ﴾		ع م ل۔عَمِلَ۔يَعْمَلُ۔عَمَلًا
إِلَيۡهِ	فَيُنَبِّئُهُم	بِمَا	عَمِلُواْۗ
طرف اس کے	تو پھر وہ بتادے گا انہیں	وہ جو	انہوں نے عمل کیے
اس کی طرف تو وہ انہیں جتلا دے گا جو کچھ بھی عمل انہوں نے کیے ہوں گے			

استئنافية۔مبتدأ۔لفظ الجلالة	جار۔مجرور۔مضاف	مضاف إليه	خبر
أ ل ه	ك ل ل۔كَلَّ۔يَكِلُّ۔كَلًّا	ش ي أ۔شَاءَ۔يَشَاءُ۔شَيْئًا	ع ل م۔عَلِمَ۔يَعْلَمُ۔عِلْمًا
وَٱللَّهُ	بِكُلِّ	شَيۡءٍ	عَلِيمُۢ ٦٤
اور اللہ	ہر	چیز کو	خوب جاننے والا ہے
اور اللہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے۔			

سُورَةُ الفُرْقَانِ

جار۔مجرور۔مضاف	لفظ الجلالة۔مضاف إليه	نعت أول	نعت ثانٍ
س م و۔سَمَا۔يَسْمُو۔سُمُوًّا	أ ل ه	ر ح م۔رَحِمَ۔يَرْحَمُ۔رَحْمَةً	ر ح م۔رَحِمَ۔يَرْحَمُ۔رَحْمَةً
بِسۡمِ	ٱللَّهِ	ٱلرَّحۡمَٰنِ	ٱلرَّحِيمِ ١
ساتھ نام	اللہ کے	جو بہت مہربان	جو رحم کرنے والا
اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے			

ماضٍ جامد	موصول۔ فاعل	ماضٍ(هو)۔ صلة الموصول	مفعول به
ب ر ك۔ تَبَارَكَ		ن ز ل۔ نَزَّلَ۔ يُنَزِّلُ۔ تَنْزِيلًا(تَفْعِيلٌ)	ف ر ق۔ فَرَقَ۔ يَفْرُقُ۔ فَرْقًا
تَبَارَكَ	ٱلَّذِى	نَزَّلَ	ٱلْفُرْقَانَ
بہت بابرکت ہے	وہ جس نے	نازل کیا	فرقان
بڑی بابرکت ہے وہ ہستی جس نے الفرقان نازل فرمایا			

جار۔ مجرور۔ مضاف۔ مضاف إليه		تعليل وجر۔ مضارع ناقص منصوب(هو)	جار۔ مجرور
	ع ب د۔ عَبَدَ۔ يَعْبُدُ۔ عِبَادَةً	ك و ن۔ كَانَ۔ يَكُونُ۔ كَوْنًا	ع ل م۔ عَلِمَ۔ يَعْلَمُ۔ عِلْمًا
عَلَىٰ	عَبْدِهِۦ	لِيَكُونَ	لِلْعَـٰلَمِينَ
اپنے بندے پر		تاکہ وہ ہو جائے	تمام جہان والوں کے لیے
اپنے بندے پر تاکہ وہ ﷺ ہو تمام جہان والوں کے لیے			

خبر(يكون)	موصول	جار۔ مجرور(خبر مقدم)	مبتدأ مؤخر۔ مضاف۔ جملة صلة الموصول
ن ذ ر۔ نَذِرَ۔ يَنْذَرُ۔ نَذْرًا			م ل ك۔ مَلَكَ۔ يَمْلِكُ۔ مُلْكًا
نَذِيرًا ۝١	ٱلَّذِى	لَهُۥ	مُلْكُ
ڈرانے والا	وہ جو	اسی کے لیے ہے	بادشاہت
خبر دار کرنے والا۔ وہ ہستی جس کے لیے ہے بادشاہی			

مضاف إليه	عطف۔ معطوف على (السموات)	عطف۔ نفي وجزم وقلب	مضارع مجزوم(هو)
س م و۔ سَمَا۔ يَسْمُو۔ سُمُوًّا	أ ر ض		أ خ ذ۔ اِتَّخَذَ۔ يَتَّخِذُ۔ اِتِّخَاذًا(اِفْتِعَالٌ)
ٱلسَّمَـٰوَٰتِ	وَٱلْأَرْضِ	وَلَمْ	يَتَّخِذْ
آسمانوں	اور زمین کی	اور نہیں	اس نے بنائی
آسمانوں کی اور زمین کی اور			

مفعول به	عطف۔ نفي وجزم وقلب	مضارع ناقص	جار مجرور(خبر يكن)
و ل د۔ وَلَدَ۔ يَلِدُ۔ وِلَادًا		ك و ن۔ كَانَ۔ يَكُونُ۔ كَوْنًا	
وَلَدًا	وَلَمْ	يَكُن	لَّهُۥ
کوئی اولاد	اور نہیں	ہے	اس کے لیے
جس نے کسی کو اپنی اولاد نہیں بنایا اور نہ ہی			

اسم(يكن)	جار۔ مجرور		عطف۔ ماضٍ(هو)	مفعول به۔ مضاف
ش ر ك۔ شَرِكَ۔ يَشْرَكُ۔ شَرَكًا		م ل ك۔ مَلَكَ۔ يَمْلِكُ۔ مُلْكًا	خ ل ق۔ خَلَقَ۔ يَخْلُقُ۔ خَلْقًا	ك ل ل۔ كَلَّ۔ يَكِلُّ۔ كَلًّا
شَرِيكٌ	فِى	ٱلْمُلْكِ	وَخَلَقَ	كُلَّ
کوئی شریک	بادشاہت میں		اور اس نے پیدا کیا	ہر
اس کا کوئی شریک ہے حکومت (کے اختیارات) میں اور اسی نے ہر شے کو پیدا کیا				

مضاف إليه	عطف۔ماضٍ(هو)۔مفعول به	مفعول مطلق
ش ي أ۔شَاءَ۔يَشَاءُ۔شَيْئًا	ق د ر۔قَدَّرَ۔يُقَدِّرُ۔تَقْدِيرًا(تفعِيلٌ)	ق د ر۔قَدَّرَ۔يُقَدِّرُ۔تَقْدِيرًا(تفعِيلٌ)
شَيْءٍ	فَقَدَّرَهُۥ	تَقْدِيرًا ﴿٢﴾
چیز کو	پس اس نے اندازہ کیا اس کا	اندازہ کرنا
اور پھر اس کے لیے ایک اندازہ مقرر کیا۔		

استئنافية۔ماضٍ۔فاعل	جار۔مجرور۔مضاف۔مضاف إليه		مفعول به	نافية	مضارع مرفوع۔فاعل
أ خ ذ۔اِتَّخَذَ۔يَتَّخِذُ۔اِتِّخَاذًا(اِفْتِعَالٌ)		دون	أ ل ه		خ ل ق۔خَلَقَ۔يَخْلُقُ۔خَلْقًا
وَٱتَّخَذُواْ	مِن	دُونِهِۦٓ	ءَالِهَةً	لَّا	يَخْلُقُونَ
اور انہوں نے بنا لیے	اس کے سوا		کچھ الٰہ	نہیں وہ پیدا کرتے	
اور انہوں نے اس کے سوا ایسے معبود بنا لیے ہیں جو کچھ بھی					

مفعول به	عطف۔مبتدأ	مضارع مرفوع للمجهول۔نائب فاعل۔خبر	عطف۔نافية
ش ي أ۔شَاءَ۔يَشَاءُ۔شَيْئًا		خ ل ق۔خَلَقَ۔يَخْلُقُ۔خَلْقًا	
شَيْـًٔا	وَهُمْ	يُخْلَقُونَ	وَلَا
کوئی چیز	اور وہ	وہ پیدا کیے جاتے ہیں	اور نہیں
تخلیق نہیں کرتے بلکہ وہ خود مخلوق ہیں اور وہ			

معطوف على (يخلقون)	جار۔مجرور۔مضاف۔مضاف إليه	مفعول به	عطف۔زائدة نافية
م ل ك۔مَلَكَ۔يَمْلِكُ۔مِلْكًا	ن ف س۔نَفَسَ۔يَنْفُسُ۔نَفْسًا	ض ر ر۔ضَرَّ۔يَضُرُّ۔ضَرًّا	
يَمْلِكُونَ	لِأَنفُسِهِمْ	ضَرًّا	وَلَا
وہ اختیار رکھتے	اپنے نفسوں کے لیے	کسی نقصان کا	اور نہ
اختیار نہیں رکھتے خود اپنے بارے میں بھی کسی نقصان یا نفع کا اور نہ			

معطوف على (ضَرًّا)	عطف۔نافية	معطوف على (يخلقون)	مفعول به
ن ف ع۔نَفَعَ۔يَنْفَعُ۔نَفْعًا		م ل ك۔مَلَكَ۔يَمْلِكُ۔مِلْكًا	م و ت۔مَاتَ۔يَمُوتُ۔مَوْتًا
نَفْعًا	وَلَا	يَمْلِكُونَ	مَوْتًا
کسی نفع کا	اور نہیں	وہ اختیار رکھتے	موت کا
ہی انہیں اختیار ہے موت کا			

عطف۔زائدة نافية	معطوف على (موتًا)	عطف۔زائدة نافية	معطوف على (موتًا)	استئنافية۔ماضٍ
	ح ي ي۔حَيِيَ۔يَحْيَى۔حَيَاةً		ن ش ر۔نَشَرَ۔يَنْشُرُ۔نُشُورًا	ق و ل۔قَالَ۔يَقُولُ۔قَوْلًا
وَلَا	حَيَوٰةً	وَلَا	نُشُورًا ﴿٣﴾	وَقَالَ
اور نہ	زندگی کا	اور نہ	دوبارہ جی اٹھنے کا	اور کہا
نہ زندگی کا اور نہ جی اٹھنے کا۔				

موصول-فاعل	ماضٍ-فاعل-صلة الموصول	نافية	إشارة-مبتدأ	استثناء	خبر
	ك ف ر- كَفَرَ-يَكْفُرُ-كُفْرًا				أ ف ك- أَفَكَ-يَأْفِكُ-أَفْكًا
ٱلَّذِينَ	كَفَرُوٓا۟	إِنْ	هَٰذَآ	إِلَّآ	إِفْكٌ
ان لوگوں نے جنہوں نے	کفر کیا	نہیں	یہ (قرآن)	مگر	ایک جھوٹ

اور کافر کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) بس ایک من گھڑت چیز ہے

ماضٍ(هو)-مفعول به	عطف-ماضٍ-مفعول به	جار-مجرور	فاعل
ف ر ي- اِفْتَرَى-يَفْتَرِي-اِفْتِرَاءً(اِفْتِعَالٌ)	ع و ن- أَعَانَ-يُعِينُ-إِعَانَةً(إِفْعَالٌ)		ق و م- قَامَ-يَقُومُ-قِيَامًا
ٱفْتَرَىٰهُ	وَأَعَانَهُۥ	عَلَيْهِ	قَوْمٌ
اس نے گھڑ لیا اسے	اور مدد کی اس کی	اس پر	ایک قوم نے

جس کو اس شخص نے خود گھڑ لیا ہے اور اس کی مدد کی ہے

نعت	عطف-تحقيق	ماضٍ-فاعل	مفعول به	عطف-معطوف على(ظلمًا)
أ خ ر		ج ي أ- جَاءَ-يَجِيءُ-مَجِيءً	ظ ل م- ظَلَمَ-يَظْلِمُ-ظُلْمًا	ز و ر- زَوِرَ-يَزَارُ-زَوَارًا
ءَاخَرُونَ ۖ	فَقَدْ	جَآءُو	ظُلْمًا	وَزُورًا ﴿٤﴾
دوسری	پس تحقیق	وہ لائے	ظلم	اور جھوٹ

اس پر کچھ اور لوگوں نے۔ یہ لوگ ظلم اور جھوٹ پر کمربستہ ہو گئے ہیں۔

عطف-ماضٍ-فاعل	خبر-مضاف	مضاف إليه
ق و ل- قَالَ-يَقُولُ-قَوْلًا	س ط ر- سَطَّرَ-يُسَطِّرُ-تَسْطِيرًا(تَفْعِيلٌ)	أ و ل- آلَ-يَئُولُ-أَوْلًا
وَقَالُوٓا۟	أَسَٰطِيرُ	ٱلْأَوَّلِينَ
اور انہوں نے کہا	کہانیاں ہیں	پہلوں کی

اور کہتے ہیں کہ یہ پرانے لوگوں کے قصے ہیں

ماضٍ(هو)-مفعول به	عطف-مبتدأ	مضارع للمجهول(هي)-خبر	جار-مجرور
ك ت ب- اِكْتَتَبَ-يَكْتَتِبُ-اِكْتِتَابًا(اِفْتِعَالٌ)		م ل و- أَمْلَى-يُمْلِي-إِمْلَاءً(إِفْعَالٌ)	
ٱكْتَتَبَهَا	فَهِىَ	تُمْلَىٰ	عَلَيْهِ
اس نے لکھوا لیا ہے انہیں	تو وہ	وہ املاء کی جاتی ہیں	اس پر

جو اس نے کسی سے لکھوا لیے ہیں پھر یہ املا کرائی جاتی ہیں

ظرف زمان	عطف-معطوف على(بكرة)	أمر(أنت)	ماضٍ-مفعول به
ب ك ر- بَكَرَ-يَبْكُرُ-بُكُورًا	أ ص ل- أَصِلَ-يَأْصَلُ-أَصَلًا	ق و ل- قَالَ-يَقُولُ-قَوْلًا	ن ز ل- أَنْزَلَ-يُنْزِلُ-إِنْزَالًا(إِفْعَالٌ)
بُكْرَةً	وَأَصِيلًا ﴿٥﴾	قُلْ	أَنزَلَهُ
صبح	اور شام	کہہ دیجیے	نازل کیا ہے اسے

اس کو صبح و شام۔ آپ ﷺ کہہ دیجیے کہ اس کو اس نے نازل کیا ہے

موصول۔فاعل۔مضارع مرفوع (هو)۔صلة الموصول		مفعول به	جار۔مجرور	
	ع ل م۔ عَلِمَ۔ يَعْلَمُ۔ عِلْمًا	س ر ر۔ سَرَّ۔ يَسُرُّ۔ سُرُورًا		س م و۔ سَمَا۔ يَسْمُو۔ سُمُوًّا
ٱلَّذِي	يَعۡلَمُ	ٱلسِّرَّ	فِي	ٱلسَّمَٰوَٰتِ
اس نے جو	جانتا ہے	چھپی بات کو	آسمانوں میں	
جو آسمانوں اور زمین کی ہر چھپی ہوئی چیز کو جانتا ہے۔				

عطف۔معطوف على (السموات)	توكيد ونصب۔اسم (إنَّ)	ماضٍ ناقص (هو)	خبر (كان) أول
أ ر ض		ك و ن۔ كَانَ۔ يَكُونُ۔ كَوْنًا	غ ف ر۔ غَفَرَ۔ يَغْفِرُ۔ غَفْرًا
وَٱلۡأَرۡضِۚ	إِنَّهُۥ	كَانَ	غَفُورٗا
اور زمین میں	بے شک وہ	ہے وہ	بہت بخشنے والا
یقیناً وہ بہت بخشنے والا			

خبر (كان) ثانٍ	عطف۔ماضٍ۔فاعل	استفهام۔مبتدأ۔جار۔مجرور (خبر)۔إشارة		بدل
ر ح م۔ رَحِمَ۔ يَرْحَمُ۔ رَحْمَةً	ق و ل۔ قَالَ۔ يَقُولُ۔ قَوْلًا			ر س ل۔ رَسِلَ۔ يَرْسَلُ۔ رَسَلًا
رَّحِيمٗا ٦	وَقَالُواْ	مَالِ	هَٰذَا	ٱلرَّسُولِ
نہایت رحم کرنے والا	اور انہوں نے کہا	کیا ہے	اس	رسول کو
بہت رحم کرنے والا ہے۔ اور وہ کہتے ہیں یہ کیسا رسول ہے				

مضارع مرفوع (هو)	مفعول به	عطف۔مضارع مرفوع (هو)	جار۔مجرور		تحضيض
